کے جی

رہنمائے اساتذۂ کرام

# اُردُو سے دوستی

ناظمہ رحمٰن




OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، یونیورسٹی آف اوکسفرڈ کا ایک شعبہ ہے۔
یہ دنیا بھر میں بذریعۂ اشاعت تحقیق، علم وفضیلت اور تعلیم میں اعلیٰ معیار کے مقاصد کے فروغ میں
یونیورسٹی کی معاونت کرتا ہے۔ Oxford برطانیہ اور چند دیگر ممالک میں
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

پاکستان میں اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
نمبر ۳۸، سیکٹر ۱۵، کورنگی انڈسٹریل ایریا،
پی۔او بکس ۸۲۱۴، کراچی۔ ۷۴۹۰۰، پاکستان
نے شائع کی

© اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ۲۰۲۴ء

مصنّف کے اخلاقی حقوق پر زور دیا گیا ہے

پہلی اشاعت ۲۰۲۴ء

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت، جس طرح واضح طور پر قانون اجازت دیتا ہے، لائسنس یا ادارہ برائے ریپروگرافکس حقوق کے ساتھ طے ہونے والی مناسب شرائط کے بغیر اس کتاب کے کسی حصے کی نقل، کسی قسم کی ذخیرہ کاری جہاں سے اسے دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہو، کسی بھی شکل میں ٹیکسٹ اور ڈیٹا مائننگ یا مصنوعی ذہانت کی ٹریننگ کے لیے استعمال یا ترسیل نہیں کی جاسکتی۔ مندرجہ بالا صورتوں کے علاوہ دوبارہ اشاعت کے واسطے معلومات حاصل کرنے کے لیے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کے شعبۂ حقوقِ اشاعت سے مندرجہ بالا پتے پر رجوع کریں

آپ اس کتاب کی تقسیم کسی دوسری شکل میں نہیں کریں گے
اور کسی دوسرے حاصل کرنے والے پر بھی لازماً یہی شرط عائد کریں گے

ISBN 9789697349579

نوری نستعلیق فونٹ میں کمپوز ہوئی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

# تعارف

محترم اساتذۂ کرام!

ہماری قومی زبان اُردو ایک اہم زبان ہے جس میں اخلاق، ادب و آداب جیسی قیمتی اقدار پوشیدہ ہیں۔ اس کی اہمیت آج کل کم ہوتی جارہی ہے ماحول اور کلچر انگریزی زدہ ہورہے ہیں۔ اُردو کی بوسیدہ کتابوں کو ختم کر کے نئے تقاضوں کے مطابق اُردو کی کتابوں کی ضرورت تھی تاکہ بچّوں کے لیے اُردو کا پڑھنا دل چسپ بنایا جاسکے۔ اس ضرورت اور تقاضے کو بھرپور انداز سے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی مدد سے ''اُردو سے دوستی'' کی شکل میں پورا کردیا گیا۔ میں نے دن رات کی محنت سے یہ کتابیں اس طرح مرتّب کیں کہ یہ بچّوں کو اُردو پڑھنے پر مائل کریں۔

اب رہا یہ سوال کہ اس نئے طرز پر اُردو پڑھانے کے لیے جدید طریقہ ہائے تدریس کے مطابق تربیت یافتہ اساتذہ کہاں سے لائے جائیں تو یہ تقاضا بھی ٹیچرز گائیڈ یا رہنمائے اساتذہ مرتّب کرکے پورا کردیا گیا ہے۔ ان رہنمائے اساتذۂ کرام میں اسباق کی آمادگی سے لے کر بلند خوانی کے طریقۂ کار، سرگرمیاں کرنے کی سفارشات اور طریقۂ تدریس پیش کیے گئے ہیں۔

یہ رہنما کُتب اساتذہ کی رہ نمائی کے لیے لکھی گئی ہیں تاکہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو اس طرح پڑھائیں اور دورانِ تدریس ایسی سرگرمیاں اور طریقے اختیار کریں کہ بچّے شوق سے اُردو پڑھیں، کام کی باتیں سیکھیں، اچھے انسان اور اچھے شہری بن سکیں۔ اُردو سے دوستی کے سلسلے کی ہر کتاب کے اسباق کو دل چسپ بنایا گیا ہے تاکہ بچّوں کو اُردو سیکھنے کی طرف مائل کیا جائے۔ شرط یہ ہے کہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو دی ہوئی ہدایات کے مطابق لے کر چلیں۔ ہر ہر قدم پر سبق میں بچّے کی شمولیت اور دل چسپی قائم رہے۔ یہ انداز اُردو زبان کی تدریس، بچّے اور اساتذہ میں سے ہر ایک کو کامیابی کی طرف گامزن کرے گا۔

از ناظمہ رحمٰن

# فہرست


| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | حمد | ۱ |
| ۲ | اچّھی چڑیا (نظم) | ۳ |
| ۳ | تعارف | ۴ |
| ۴ | حُروفِ تہجّی (پڑھائی) ‘‘ا، آ’’ | ۶ |
| ۵ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ب’’ کا خاندان | ۷ |
| ۶ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ج’’ کا خاندان | ۸ |
| ۷ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘د’’ کا خاندان | ۹ |
| ۸ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ر’’ کا خاندان | ۱۱ |
| ۹ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘س، ش’’ | ۱۲ |
| ۱۰ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ص، ض’’ | ۱۳ |
| ۱۱ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ط، ظ’’ | ۱۴ |
| ۱۲ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ع، غ’’ | ۱۵ |
| ۱۳ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ف، ق’’ | ۱۶ |
| ۱۴ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ک، گ’’ | ۱۷ |
| ۱۵ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ل، م’’ | ۱۸ |
| ۱۶ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ن، و’’ | ۱۹ |
| ۱۷ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ہ، ء’’ | ۲۰ |
| ۱۸ | حُروف تہجّی (پڑھائی) ‘‘ی، ے’’ | ۲۱ |
| ۱۹ | پنسل پھیریے | ۲۲ |
| ۲۰ | حُروف تہجّی (لکھائی) ‘‘ا، آ’’ | ۲۳ |
| ۲۱ | حُروف تہجّی (لکھائی) ‘‘ب خاندان’’ | ۲۴ |
| ۲۲ | حُروف تہجّی (لکھائی) ‘‘ج خاندان’’ | ۲۵ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۲۳ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''د خاندان'' | ۲۶ |
| ۲۴ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ر خاندان'' | ۲۷ |
| ۲۵ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''س، ش'' | ۲۸ |
| ۲۶ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ص، ض'' | ۲۹ |
| ۲۷ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ط، ظ'' | ۳۰ |
| ۲۸ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ع، غ'' | ۳۱ |
| ۲۹ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ف، ق'' | ۳۲ |
| ۳۰ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ک، گ'' | ۳۳ |
| ۳۱ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ل، م'' | ۳۴ |
| ۳۲ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ن، و'' | ۳۵ |
| ۳۳ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ہ، ء'' | ۳۶ |
| ۳۴ | حُروفِ تہجّی (لکھائی) ''ی، ے'' | ۳۷ |
| ۳۵ | شرارتی حُروف | ۳۸ |
| ۳۶ | ارکان سازی 'ا' کے ساتھ ''ب کا خاندان'' | ۳۹ |
| ۳۷ | کہانی۔ مدد | ۴۰ |
| ۳۸ | ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''ج'' کا خاندان | ۴۱ |
| ۳۹ | ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''د'' کا خاندان | ۴۳ |
| ۴۰ | ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''ر'' کا خاندان | ۴۴ |
| ۴۱ | تارے (نظم) | ۴۵ |
| ۴۲ | درست تصویر سے حَرف ملایئے (جانچ) | ۴۶ |
| ۴۳ | چڑیا گھر کی سیر | ۴۷ |
| ۴۴ | آوازیں (نظم) | ۴۸ |
| ۴۵ | ''یہ'' | ۵۰ |
| ۴۶ | لکھائی کے لیے مختلف نمونے | ۵۱ |

| صفحہ | موضوعات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵۲ | ارکان سازی ''و'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان | ۴۷ |
| ۵۳ | ارکان سازی ''ی'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان | ۴۸ |
| ۵۴ | ارکان سازی ''ے'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان | ۴۹ |
| ۵۶ | مصوّتے ''ارکان سازی'' | ۵۰ |
| ۵۷ | ارکان سازی ''ج، د، ر'' خاندان | ۵۱ |
| ۵۸ | ارکان سازی ''س تا ی'' | ۵۲ |
| ۵۹ | جملہ سازی ''یہ'' اور ''ہے'' کے ساتھ | ۵۳ |
| ۶۱ | جانچ | ۵۴ |
| ۶۲ | پیاری تتلی (نظم) | ۵۵ |
| ۶۳ | ''و ، ی، ے'' سے ملایئے (ب، ج، چ) | ۵۶ |
| ۶۴ | ''و ، ی، ے'' سے ملایئے(ح، خ) | ۵۷ |
| ۶۵ | گنتی ۱۔ ۵ ہندسے اور الفاظ گنیے اور پنسل پھیریے | ۵۸ |
| ۶۶ | جانچ | ۵۹ |
| ۶۷ | اپنی باری پر | ۶۰ |
| ۶۸ | جملہ سازی ''یہ''، ''وہ'' اور ''ہے'' کے ساتھ | ۶۱ |
| ۶۹ | بارش (نظم) | ۶۲ |
| ۷۰ | ''ہے'' اور ''ہیں'' | ۶۳ |
| ۷۱ | پرندوں کے نام | ۶۴ |
| ۷۲ | تصویر کے نام کا پہلا حرف لکھیے (جانچ) | ۶۵ |
| ۷۳ | ''ا، و، ی، ے'' سے ملایئے (ط، ظ) | ۶۶ |
| ۷۴ | ''ا، و، ی، ے'' سے ملایئے (ع، غ) | ۶۷ |
| ۷۵ | حُروف کو درست ارکان سے ملایئے (جانچ) | ۶۸ |
| ۷۵ | ''ا، و، ی، ے'' سے ملایئے (ف،ق) | ۶۹ |
| ۷۶ | سمندر کی سیر | ۷۰ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۷۱ | اچّھی باتیں | ۷۸ |
| ۷۲ | صاف رہیں، تندرست رہیں | ۷۹ |
| ۷۳ | ”ا، و، ی، ے“ سے ملائیے (ک، گ) | ۸۰ |
| ۷۴ | جملہ سازی ”یہ، وہ، ہے“ | ۸۱ |
| ۷۵ | پھلوں کے نام | ۸۲ |
| ۷۶ | صحیح (✓) غلط (×) | ۸۳ |
| ۷۷ | سبزیوں کے نام | ۸۴ |
| ۷۸ | گنتی (۶ ۔ ۱۰) | ۸۵ |
| ۷۹ | سارا کا گھرانا | ۸۶ |
| ۸۰ | رنگ رنگ | ۸۷ |
| ۸۱ | کیا ہوا؟ | ۸۸ |
| ۸۲ | جُملے پڑھیے | ۸۹ |
| ۸۳ | جُملے لکھیے | ۹۰ |
| ۸۴ | کون سی چیز کہاں ہے؟ | ۹۱ |
| ۸۵ | بھاری آوازیں | ۹۲ |
| ۸۶ | دل دل پاکستان (نظم) | ۹۳ |
| ۸۷ | مختلف | ۹۴ |
| ۸۸ | واحد / جمع | ۹۵ |
| ۸۹ | رموز و اوقاف | ۹۶ |
| ۹۰ | اعراب | ۹۷ |

# معاون علامات

## مقاصد

- کسی کتاب کے خدوخال اور اجزا کی شناخت کرسکیں۔ (سرورق، پس ورق، عنوان، مصنّف)
- مانوس/جانی پہچانی کتابوں کو ان کے سرورق سے پہچان سکیں اور ان کے مخصوص و مطلوب صفحات تلاش کرسکیں۔
- اردو تحریر میں درست سمت کی نشان دہی کرسکیں۔ (سطر کا پہلا لفظ کون سا ہے؟ ایک سطر کے اختتام پر دوسری سطر کہاں سے شروع ہوگی؟)

## تعارف

یہ تعارفی صفحہ ہے اساتذہ کے لیے تصاویر کے ذریعے ہدایات دی گئی ہیں اساتذہ ان کو غور سے سمجھیں اور مناسب جگہوں پر استعمال کریں۔سرورق اور پس ورق بنی ہوئی تصاویر کے متعلق دل چسپ گفتگو کریں۔ بچّے تصاویر اور خاص طور پر رنگین تصاویر سے خوش ہوتے ہیں اور گفتگو میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں۔ یہ بھی بتایئے کہ اردو کی کتاب لکھائی اور پڑھائی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف جاتی ہے اور انگلش میں ہم لکھائی پڑھائی الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی طرف کرتے ہیں۔ بچّوں کو کتاب کے استعمال کا طریقہ اور تہذیب سمجھایئے اس پر اس وقت تک کچھ نہ لکھیں جب تک کہ کہا نہ جائے صفحہ پلٹنا ہو تو تہذیب کے ساتھ آہستہ سے پلٹیں تاکہ کتاب کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

## صفحہ ۱

# حمد

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- واضح انداز میں کہانیاں، گیت اور نظمیں دہرانے کے ساتھ ساتھ مکمل جملوں میں ان پر بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱

### آمادگی

اساتذہ بچّوں کو 'حمد' کیا ہے کسے کہتے ہیں آسان الفاظ اور سادہ طریقے پر متعارف کروائیں۔ ابھی کتاب کو بند رہنے دیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ جماعت کے کمرے میں ہر ہر چیز پر نظر ڈالیں اور بتائیں کہ ان کو کس نے بنایا ہے۔مثلاً: میز، کرسی، دیواریں، عمارت، کھڑکی، جواب ملنا چاہیے انسان نے۔ اس میں پنسل، ربڑ جو کچھ اور اضافہ ہوسکتا ہے کیجیے۔ پھر بچّوں سے کہیے کہ اب ذرا کھڑکی سے باہر دیکھیں کیا کیا نظر آتا ہے؟ آسمان، بادل، ہَوا، چڑیاں، درخت، بلّی، پھُول، پودے۔ پودے ان سب چیزوں کو کس نے بنایا ہے متوقع جواب ہونا چاہیے ''اللہ نے''۔اساتذہ بتائیں کہ اللہ نے ان چیزوں کے علاوہ پہاڑ، دریا، سمندر، گھاس، جانور، انسان، پانی۔ یہ سب بھی بنایا ہے۔ اللہ بہت طاقتور ہے اور وہ آسمان و زمین کا بادشاہ ہے۔ جب ہم اس کی بنائی ہوئی چیزیں دیکھتے ہیں تو اس کی تعریف کرتے ہیں اور مانتے ہیں کہ وہ ایک بہت بڑا بادشاہ ہے۔ ہم جب اللہ کی تعریف کو نظم کی شکل میں بیان کرتے ہیں تو ایسی نظم کو ''حمد'' کہتے ہیں۔

اس پر چند سوالات کرکے اس بات کا اعادہ کروا کر زبانی یاد کروادیں کہ اللہ کی تعریف جس نظم میں ہو اسے حمد کہتے ہیں۔ اب کتابیں کھلوایئے اور حمد کو پڑھ کر سُنایئے بچّوں سے کہیے کہ وہ غور سے سُنیں۔

### سبق کی تدریس

پوری نظم پڑھ جانے کے بعد بچّوں کی بلند خوانی کروایئے۔ پہلے آپ ایک شعر پڑھیں پھر اس کو دہرائیں اس دوران بچّے بھی ساتھ پڑھیں گے دو اشعار کئی دفعہ پڑھوایئے اور پھر مختصر زبانی سوالات کیجیے۔

- ان اشعار میں اللہ کی بنائی ہوئی کس کس چیز کا ذکر آتا ہے؟
- جس جس چیز کا کا نام آتا جائے تختۂ تحریر پر اس چیز کی تصویر بناتے جائیں اور ہر لفظ کو کئی مرتبہ دہرائیں۔

مختلف بچّوں سے باری باری انفرادی طور پر بھی سوال کیجیے۔تختۂ تحریر پر بنی ہوئی تصاویر پھُول، پیڑ، تتلی، شہد کی مکّھی کی تصاویر سے بھی مدد لیجیے۔

- سوال کیجیے آپ میں سے کس کس نے تتلی دیکھی ہے؟ کیسی ہوتی ہے؟ بتایئے۔
- شہد کی مکّھی کس کس نے دیکھی ہے؟ بتایئے وہ کیا بناتی ہے؟

(اس سے دور رہنا چاہیے یہ بہت زور سے کاٹتی ہے)

- شہد کی مکّھی پھُولوں پر کیوں آتی ہے؟

- وہ پھُولوں سے کیا لیتی ہے؟
- پھر اس سے کیا بناتی ہے؟

(اس کے بارے میں بتا کر کہیے کہ اللہ کی شان ہے کہ اس نے شہد کی مکّھی جیسی کام کی چیز پیدا کی ہے اس کا ذکر قرآن میں بھی ہے اور یہ ایک دوا بھی ہے جس کے کھانے سے انسان تندرست رہتا ہے۔سب بچّوں کوشہد ضرور کھانا چاہیے۔

- باغ میں پھُول کون کھلاتا ہے؟
- ایک چھوٹے سے پودے کو ایک بڑا درخت کون بناتا ہے؟
- ایک ننھے سے بچّے کو ایک بڑا آدمی کون بناتاہے؟

اب شعر نمبر ۳۔ ۴ اور ۵ پر آیئے۔

- بچّوں سے پوچھیے دن کے وقت ان کو آسمان پر کیا کیا نظر آتا ہے؟
- جب رات ہوجاتی ہے تو آسمان پر کیا کیا نظر آتا ہے؟
- آسمان پر چمکتی ہوئی چیزوں کے نام بتایئے۔
- بچّے جو نام بتائیں اس کی تصویر تختۂ تحریر پر بناتے جایئے۔
- نظارے معنی دیکھنے کی خوب صورت چیزیں۔
- رشتے بتایئے۔ بہن، بھائی، امّی، ابّو، دادا، دادی، نانا، نانی وغیرہ۔ یہ سب ہم سے پیار کرتے ہیں۔ یہ رشتے اللہ نے بنائے ہیں۔بچّوں سے پوچھیے ان تمام رشتوں میں سے آپ کو کون سا رشتہ پسند ہے؟ یقیناً جواب آئے گا۔ امّی اور ابّو۔

اب سارے متن کوسمیٹ کر اعادہ کروائیں۔سب تصاویر جو تختۂ تحریر پر ہیں ان کی مدد سے اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام دہرایئے اور بتایئے کہ ان سب پیاری اور اچّھی چیزوں کا بنانے والا اللہ ہے اور کوئی بھی ایسا نہیں جو ان چیزوں کو بنا سکے۔ اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ہے، ہمارا مالک ہے اور سب چیزیں صرف وہی بنا سکتا ہے۔

اس جُملے کو خوب یاد کروا دیں اللہ ہمارا مالک اور خالق ہے یعنی بنانے والا ہے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ کی ایک شیٹ ہر بچّے کو دیجیے اور ان سے کہیے کہ اس پر اللہ کی بنائی ہوئی جتنی چیزوں کی تصویر بناسکتے ہیں وہ بنائیں۔ پھر پوچھیے کیا کیا بنایا ہے؟
- سبق کے نیچے ہدایات برائے اساتذہ پر بھی غور کر کے جو جو کچھ مزید سیکھا سکتے ہیں سکھایئے۔نظم کو زبانی یاد کروایئے اور سُنیے۔

## گھر کا کام

- اللہ کی بنائی کسی ایک چیز کی تصویر کاپی میں بنا کر لایئے۔

# اچّھی چڑیا (نظم)

## مقاصد

- نظمیں، گیت اور کہانیاں توجّہ سے سن کر لطف اندوز ہوسکیں اور ان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرسکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُرُدو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲
- تختۂ تحریر
- پرندوں کی تصاویر

## آمادگی

چند پرندوں کی تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیے۔ بچّوں سے یہ پوچھیے یہ کون ہیں؟ اساتذہ سبق شروع کرنے سے پہلے بچّوں سے کچھ باتیں کریں۔ آپ کو پرندے کیسے لگتے ہیں؟ چند پرندوں کے نام پوچھیے۔ بچّوں سے بات چیت کیجیے۔ ان کو بتائیے کہ ہمارے آس پاس ماحول میں سب سے زیادہ چڑیاں ہی نظر آتی ہے وہ گھروں میں، باغوں میں اور کھلے حصّوں میں نظر آتی ہیں۔ گھروں میں اپنے گھونسلے بھی بناتی ہیں چڑیاں چوں چوں کرکے بڑا شور مچاتی ہیں۔ صبح صبح اللہ کی تعریف میں گاتی ہیں اور اللہ کی بڑائی بیان کرتی ہیں۔طوطے بھی اکثر شور مچاتے نظر آتے ہیں۔ کوّے، مینا اور چیلیں بھی نظر آتی ہیں۔ آم کے موسم میں کوئل گیت گاتی ہے۔ اس کی آواز تمام پرندوں میں سب سے اچّھی ہوتی ہے۔ بچّوں سے پوچھیے ان کو کس پرندے کی آواز اچّھی لگتی ہے۔

کتاب میں نظم کی تصویر بچّوں کو دیکھنے کے لیے کہیے پھر باری باری پوچھیے تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ یہ بھی پوچھیے کہ تصویر میں کیا چیز انھیں سب سے زیادہ اچّھی لگ رہی ہے اور کیوں؟

## سبق کی تدریس

نظم کے ترنّم اور لحن کو برقرار رکھتے ہوئے اساتذہ نظم کی بلندخوانی کریں۔ بچّے غور سے سُنیں اور بعد میں بچّے بھی اساتذہ کے ساتھ ساتھ پڑھ کرنظم کی ادائی کا انداز سیکھیں۔ جب کبھی اسکول میں یا جماعت کی کھڑکی پر چڑیا نظر آئے تو بچّوں کو متوجہ کروایئے دیکھو کوئی مہمان آیا ہے۔

اجتماعی بلندخوانی کیجیے۔ بچّے نظم پڑھنے کا انداز سیکھ سکیں۔نظم کو نثر میں بھی سمجھائیں کہ ایک بچّی چڑیا کو دیکھ کر اس سے ملنے آئی اور کہتی ہے کہ گانا سُناؤ۔ مجھ سے نہ تو گھبراؤ نہ شرماؤ میں تمھیں کچھ نہیں کہوں گی۔ بچّی کو چڑیا کی چوں چوں کا گیت بہت پسند تھا۔

چند سوال پوچھیے، جیسے:

- اچّھی چڑیا گاؤ بھی اپنا گیت سُناؤ بھی کون کہہ رہا؟
- چڑیا سے ملنے کون آیا؟
- بچّی چڑیا سے ملنے کیوں گئی تھی؟

- اس نے چڑیا سے کیا سُنانے کو کہا؟
- چڑیا کو اس نے کیا تسلی دی؟
- بچّی نے دوسری بار کیا کہا؟

## سرگرمیاں (تجاویز)

- چند پرندوں کی آوازیں سکھایئے۔
- چڑیا چُوں چُوں کرتی ہے۔
- کوّا کائیں کائیں کرتا ہے۔
- طوطا ٹیں ٹیں کرتا ہے۔
- کوئل کُو کُو گاتی ہے۔
- کاپی میں سب بچّوں سے ایک چڑیا بنوایئے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ایک پھُول اور ایک تتلی بنا کر لایئے۔ رنگ بھی بھریے۔

# صفحہ ۳ تعارف

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۳

## آمادگی

بچّوں سے بات چیت کیجیے۔ پہلے بچّوں کو بتایئے ”میں کون ہوں؟“ اپنا نام سب بچّوں کو بتایئے۔ اپنے بارے میں بتایئے ، جیسے : میں آپ کی/ آپ کا استاد ہوں۔ میرا نام ________ ہے۔ میں ہر روز آپ کو پڑھانے اسکول آتی/آتا ہوں۔ مجھے آپ سب بہت اچھّے لگتے ہیں۔

## سبق کی تدریس

اب آپ بچّوں سے باری باری پوچھیے۔

- آپ کا نام کیا ہے؟ (جواب تختۂ تحریر پر لکھیے۔)

بچّوں کو پورے جُملے میں جواب دینا سکھایئے۔ یہ نہیں کہ صرف اپنا نام بتائیں بلکہ پورا جُملہ بولیں، مثلاً: میرا نام علی ہے۔

| | |
|---|---|
| ا۔ آپ کو کون سا رنگ پسند ہے؟ | ۲۔ رنگین ماکر / چاک سے تختۂ تحریر پر خانے ☐ کے اندر وہی رنگ بھریے جو بچّہ بتائے۔ یہ کام چارٹ پیپر پر بھی کیا جاسکتا ہے۔ |
| ا۔ آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے؟ | ۲۔ بچّے جو بھی جواب دیں وہ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ اگر تصویر بناسکیں تو بنایئے۔ |
| ا۔ آپ کے امّی ابّو کا کیا نام ہے؟ | ۲۔ ہر بچّے کے امّی ابّو کا نام تختۂ تحریر پر لکھیے۔ وہ خوش ہوں گے کہ ان کے امّی ابّو کا نام جماعت کے تختۂ تحریر پر لکھا ہوا ہے۔ ہر بچّے سے پوچھیے۔ |
| ا۔ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ | ۲۔ ہر بچّے کے نام کے نیچے وہ لکھیے جو رشتہ بچّہ بتائے اور پھر اس کو تختۂ تحریر پر سے یاد بھی کروایئے۔ |

نوٹ: آپ اپنے بارے میں بھی بتایئے۔

آپ کو کون سا رنگ پسند ہے؟ آپ کھانے میں کیا پسند کرتے ہیں؟ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ بچّوں سے کہیے کہ وہ اساتذہ سے اور اسی طرح کے سوالات کریں اور اساتذہ جواب دیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ایک دل چسپ سرگرمی کروایئے۔ بچّے ایک دوسرے سے اسی قسم کے سوالات کریں۔ اساتذہ نظر رکھیں کہ بچّے تلفّظ اور عمدہ الفاظ استعمال کریں۔ ایک دوسرے سے سوالات کرنے میں وہ خوش ہوں گے۔
  - ہر بچّہ ایک دوسرے سے نام پوچھے؟
  - پسند کا رنگ پوچھے؟
  - کھانے میں کیا پسند ہے؟
  - بچّہ دوسرے بچّے سے اس کے امّی، ابّو کا نام پوچھے۔
  - ہر بچّہ بتائے کہ اس کے گھر میں اور کون رہتا ہے؟

## گھر کا کام

- آپ کے گھر میں جو بھی رہتا ہے اس سے اس کی پسند کی ڈش پوچھ کر آیئے۔

صفحہ ۱۶۔ ۴

# حُروفِ تہجّی (پڑھائی) ''ا، آ''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

اساتذہ ''ا'' اور ''آ'' کے فلیش کارڈز اچھے رنگوں میں تیار کر کے لائیں۔ جماعت میں بچّوں کو پہلے ''ا'' دکھائیں اور بتائیں کہ یہ one کی طرح ہوتا ہے۔ اس کو اوپر سے نیچے لکھتے ہیں تختۂ تحریر پر لکھ کر بتائیں۔ ۱۷ اور دوسرا ہے ''آ'' جس پر ایک چڑیا بیٹھی ہے یہ چڑیا والا ''آ'' ہے اس کو الف مد کہتے ہیں یہ بھی پہلے one کی طرح لکھیں اور پھر اس پر چڑیا بنائیں۔ اس کی آواز آ لمبی ہوتی ہے a a اور سادہ ''ا'' کی آواز چھوٹی ہے۔ تالی بجا کر آواز کا دورانیہ سمجھایئے ''ا'' کی آواز ایک تالی کے برابر جتنی دیر لگتی ہے اتنی دیر نکالی جاتی ہے اور آ کی آواز اتنی دیر نکالی جاتی ہے جتنی دیر میں دو تالیاں بجتی ہیں۔ بتایئے کہ اردو کے حُروف تہجّی یعنی ا سے ے تک ہوتے ہیں ان سے کچھ خاندانوں میں بٹے ہوتے ہیں اور کچھ الگ الگ ہیں جو مل کر نہیں رہتے۔

## سبق کی تدریس

''ا'' کی آواز دوبارہ دہرایئے فلیش کارڈ دکھایئے اور تختۂ تحریر پر بڑا بڑا ''ا'' لکھ کر انڈے اور انار کی تصویر دکھا کر ''ا'' کی آواز یاد کروایئے۔ دونوں ''ا'' کی پہچان کرایئے۔ ''آ'' کا فلیش کارڈ نکال کر دکھایئے اور پوچھیے یہ کیا ہے؟ بچّوں کو خود جواب دینا چاہیے۔ چڑیا والا ''آ'' اور اس کی آواز لمبی ہوتی ہے۔تختۂ تحریر پر ''آ'' اور آم بنا کر لمبی آواز کو اجاگر کیجیے۔

ہوسکے تو جماعت میں انڈا، انار، آڑو اور آم لاکر دکھائیں جن پھلوں کا موسم نہ ہو ان کی جگہ بازار سے پلاسٹک کے بنے ہوئے پھل دکھائیں۔خوب اچّھی طرح مشق اور اعادہ کریں۔ ان حُروف سے شروع ہونے والی دوسری اشیاء بھی دکھائی جاسکتی ہیں۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- مختلف تصاویر دکھائیں اور ان اشیا کی تصویریں الگ کرنے کے لیے کہیں۔ جو ''ا'' اور ''آ'' سے شروع ہوں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ا۔ آ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ب'' کا خاندان

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ٦۔ ۴
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

### آمادگی

''ب'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ب'' کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ب'' لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں ''ب'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہنچاتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

### سبق کی تدریس

''ب'' کی آواز سکھائیں۔ B یا چھوٹی سی آواز نکالیں اگر ب کی آواز لمبی نکالی تو 'با' کیسے سکھائیں آواز کی مشق کرائیں۔ تختۂ تحریر پر ''ب'' لکھیں۔ اب بچّوں سے پوچھیے ''ب'' کے اور کون سے لفظ ہوسکتے ہیں اگر بچّے غلط بھی کہیں تو کوئی بات نہیں اصل مقصد تو ان کو ''ب'' کی آواز پرغور کروانا ہے۔ اساتذہ بھی مدد کریں۔کچھ اور الفاظ بتائیں جیسے بس، بارش، بیل، بی بی، بندر، بجلی، بادل۔

کتاب میں دی گئی تصاویر کی مدد سے بطخ اور بلّی دکھا کر الفاظ کہلوائیں اور ''ب'' کی آواز ایک بار پھر کہلوائیں۔ کچھ سوالات کریں۔

- کیا آپ سب نے بطخ دیکھی ہے؟
- بطخ کہاں رہنا پسند کرتی ہے؟

- کیا آپ کو بطخ اچھّی لگتی ہے؟

اس طرح بلّی کے متعلق بھی سوالات کیجیے۔

- کس کس کے گھر میں بلّی پلی ہوتی ہے؟
- بلّی کیسے بولتی ہے؟
- بلّی کس جانور کا شکار کرتی ہے؟
- کیا آپ کو بلّی اچھّی لگتی ہے؟
- بلّی کس کس رنگ کی ہوتی ہے؟

''ب'' کے خاندان کے تمام حُروف اسی مثال کو سامنے رکھ کر پڑھائیے۔ فلیش کارڈ ہر حُروف کا بنائیے۔طریقۂ تدریس یہی رکھیے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ہر حرف کی پہچان کروائیے۔
- تصاویر دکھا کر حرف کی آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- گھر پر ہر حروف ''ب''، ''پ''، ''ت''، ''ٹ'' اور ''ث'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ج'' کا خاندان

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۔ ۶
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

''ج'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ج'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ج'' لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ''ج'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروائیے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلواکر پڑھائی کروائیے۔ ''ج'' کے لیے جگ، جُوتے کے الفاظ پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ جگ اور جُوتے کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ج'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگائیے۔

''ج'' کے طریقہ تدریس سے ہی اس خاندان کے باقی حروف کی پڑھائی بھی کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہر حرف (ج، چ، ح، خ) کی پڑھائی کروائیے۔
- ''ج، چ، ح، خ'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھاکر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ج''، ''چ''، ''ح'' اور ''خ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''د'' کا خاندان

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملاکر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۸۔ ۷
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

"د" سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ "د" کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا "د" لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں "د" کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

یہ تین حُروف ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ ابھی کتاب نہ کھولیے۔صرف فلیش کارڈ کو بنا کر لائے گئے ہیں وہ دکھایئے اور ہوسکے تو ان کو تختۂ تحریر پر چپکا کر بتایئے کہ یہ تین بہنیں ہیں۔ د کے سر پر کوئی نقطہ نہیں گانے کی شکل میں بار بار یاد کروایئے۔ اس طرح بچّے اچھی طرح یاد کرلیں گے۔"د" بے چاری خالی، ڈ کے سر پر چڑیا، ذ کے سر پر ایک نقطہ۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ "د" کے لیے الفاظ درخت، دروازہ پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ درخت اور دروازہ کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی "د" کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ جیسے دیوار، دہی وردی، شہد، سردی وغیرہ۔ "د" کے طریقہ تدریس سے ہی اس خاندان کے باقی حروف کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہرحرف (د، ڈ، ذ) کی پڑھائی کروایئے۔
- "د، ڈ، ذ" سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "د"، "ڈ" اور "ذ" لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ر'' کا خاندان

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب /=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۹۔ ۸
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

بچّوں کو بتایئے کہ یہ ایک الگ خاندان ہے۔ یہ چار بھائی ہیں۔ ان کی آوازیں سکھایئے اور یہ بات زبانی یاد کروایئے گانے کی شکل میں۔

ر بے چارہ خالی

ڑ کے سر پر چڑیا

ز کے سر پر ایک نقطہ

ژ کے سر پر تین نقطے

اس گانے کو بار بار دہرانے سے یہ بچّوں کو یاد ہوجائے گا اور پھر لکھتے وقت بھی آسانی رہے گی۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر ''ر'' کے الفاظ پڑھ کر سنایئے۔ بچّوں سے بھی پڑھوایئے۔ بچّے باآسانی بتادیں گے کیونکہ یہ حروفِ تہجّی کا اعادہ ہے۔ بچّے پچھلی جماعت میں پڑھ چکے ہوں۔ ریچھ، ریل پڑھوایئے ان الفاظ کے علاوہ بھی الفاظ بتایئے جیسے رات، روزہ، رسالہ، راستہ وغیرہ۔ بچّوں سے بھی کچھ الفاظ پوچھیے۔ اسی طرح ڑ،ز، اور ژ کی پرھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہر حرف (د، ڈ، ذ) کی پڑھائی کروایئے۔
- ''ر، ڑ، ز، ژ'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ر''، ''ڑ''، ''ز'' اور ''ژ'' لکھوایئے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ’’س، ش‘‘

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’کے جی‘‘ صفحہ نمبر ۱۰
- حروف کے کٹ آوٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

’’س‘‘ سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ’’س‘‘ کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔تختۂ تحریر پر بڑا سا ’’س‘‘ لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ’’س‘‘ کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

یہ دو حُروف ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ ابھی کتاب نہ کھولیے۔صرف فلیش کارڈ کو بنا کر لائے گئے ہیں وہ دکھایئے اور ہوسکے تو ان کو تختۂ تحریر پر چپکا کر بتایئے کہ یہ دو بہنیں ہیں۔س کے سر پر کوئی نقطہ نہیں گانے کی شکل میں بار بار یاد کروایئے۔ اس طرح بچّے اچھی طرح یاد کرلیں گے۔ ’’ش‘‘ کے سر پرسر پر تین نقطے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ’’س‘‘ کے لیے سورج، سیٹی، پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔سورج اور مٹی کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ’’د‘‘ کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ جیسے سانپ، رسی، سردی وغیرہ۔ ’’س‘‘ کے طریقہ تدریس سے ہی ’’ش‘‘ کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے دونوں حروف (س، ش) کی پڑھائی کروایئے۔
- سیب کی تصویر کے خاکے میں رنگ بھروایئے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''س'' اور ''ش'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ص، ض''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۱۔ ۱۰
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

''ص'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ص'' کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ص'' لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ''ص'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

یہ دو حُروف ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ ابھی کتاب نہ کھولیے۔صرف فلیش کارڈ دکھایئے اور ہوسکے تو ان کو تختۂ تحریر پر چپکا کر بتایئے کہ یہ دو بہنیں ہیں۔ص کے سر پر کوئی نقطہ نہیں۔ اس طرح بچّے اچھی طرح یاد کرلیں گے۔ ''ض'' کے سر پر ایک نقطہ۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ''ص'' کے لیے صوفہ، صندوق پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔صوفہ اور صندوق کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ص'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔
''ص'' کے طریقہ تدریس سے ہی ''ض'' کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہر حرف (ص، ض) کی پڑھائی کروائیے۔
- ”ص، ض“ سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ص“ اور ”ض“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ”ط، ظ“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۱۱
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

”ط“ سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ”ط“ کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ط“ لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ”ط“ کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروائیے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتائیے۔

یہ دو حُروف ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ ابھی کتاب نہ کھولیے۔صرف فلیش کارڈ دکھائیے اور ہوسکے تو ان کو تختۂ تحریر پر چپکا کر بتائیے کہ یہ دو بہنیں ہیں۔ ط کے سر پر کوئی نقطہ نہیں۔ اس طرح بچّے اچھی طرح یاد کرلیں گے۔ ”ظ“ کے سر پر ایک نقطہ۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروائیے۔ ''ط'' سے طباق، طیّارہ پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ طباق اور طیارہ کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ط'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگائیے۔ ''ط'' کے طریقہ تدریس سے ہی ''ظ'' کی پڑھائی بھی کروائیے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہر حرف (ط، ظ) کی پڑھائی کروائیے۔
- بچّوں کو طوطا بنانے، اس کے لیے ہرے کاغذ کا ہیڈگیئر بنا کر سر پر پہنادیں اور بچّوں کو طوطے کی آواز نکالنے کے لیے کہیے۔سب بچّے ایک طرح نظر آنے چاہییں یعنی سر پر پہننے والا ''ہرا'' ہیڈ گیئر سب کا ایک جیسا بنے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ط'' اور ''ظ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ع، غ''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب /=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۲
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

''ع'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ع'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر

پر بڑا سا ''ع'' لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ''ع'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

یہ دو حُروف ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ ابھی کتاب نہ کھولیے۔صرف فلیش کارڈ دکھایئے اور ہوسکے تو ان کو تختۂ تحریر پر چپکا کر بتایئے کہ یہ دو حروف ہیں۔ ع کے سر پر کوئی نقطہ نہیں۔ اس طرح بچّے اچھی طرح یاد کرلیں گے۔ ''غ'' کے سر پر ایک نقطہ ہے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ''ع'' کے لیے عینک، عمارت پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ عینک اور عمارت کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ع'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ ''ع'' کے طریقہ تدریس سے ہی ''غ'' کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے (ع، غ) کی پڑھائی کروایئے۔
- بچّوں سے کاغذ کی عینک بنوایئے اور لگانے کو کہیے۔اچّھی عینک بنانے پر بچّے کو شاباشی دیں اور بار بار ''ع'' سے عینک دہرائیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ع'' اور ''غ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ف، ق''

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۳۔ ۱۲
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

”ف“ سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ”ف“ کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پرغور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ف“ لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں ”ف“ کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ”ف“ کے لیے فانوس، فوارہ پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ فانوس اور فوارہ کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ”ف“ کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ ”ف“ کے طریقہ تدریس سے ہی ”ق“ کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ میں سے ”ف“ اور ”ق“ کے فلیش کارڈ الگ کرنے کے لیے کہیے۔
- ”ف، ق“ سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ف“، اور ”ق“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ”ک، گ“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملاکر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۱۳
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

''ک'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ک'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ک'' لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ''ک'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ''ک'' کے لیے کبوتر، کُرسی پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ کبوتر اور کُرسی کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ک'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ ''ک'' کے طریقہ تدریس سے ہی ''گ'' کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے حروف ''ک''، ''گ'' کی پڑھائی کروایئے۔ درست آواز نکلوایئے۔
- ''ک، گ'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ک'' اور ''گ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ل، م''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۴
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

”ل“ سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ”ل“ کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ل“ لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ”ل“ کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ”ل“ کے لیے لٹو، لیموں پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔لٹو اور لیموں کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ”ل“ کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ ”ل“ کے طریقہ تدریس سے ہی ”م“ کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ”ل“، ”م“ کی پڑھائی کروایئے۔
- ”ل،م“ سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ل“ اور ”م“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ”ن، و“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۱۵۔۱۴
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

''ن'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتا سکیں گے۔ اگر نہ بتا سکیں تو آپ بتائیں۔ ''ن'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتا سکیں نہ بھی بتا سکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ن'' لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں ''ن'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ ''ن'' کے لیے ناشپاتی، ناریل پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ ناریل اور ناشپاتی کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی ''ن'' کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔

''ن'' کے طریقہ تدریس سے ہی ''و'' کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو ''نانا'' اور ''نانی'' کے کردار بنایئے اور بچّوں کو بتایئے کہ کس طرح بزرگوں سے ادب سے بات کرتے ہیں پہلے آپ خود عملی مظاہرہ کر کے دکھائیں اور پھر بچّوں سے رول پلے کروایئے۔
- ''ن، و'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ن'' اور ''و'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) ''ہ، ء''

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۵
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

"ہ" سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتا سکیں گے۔ اگر نہ بتا سکیں تو آپ بتائیں۔ "ہ" کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتا سکیں نہ بھی بتا سکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا "ہ" لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں "ہ" کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ "ہ" کے لیے ہرن، ہاتھی پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ ہرن اور ہاتھی کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی "ہ" کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ "ہ" کے بعد "ء" کی پڑھائی بھی کروایئے۔ بچّوں کو بتایئے اس سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا لیکن اگر اس کو لفظ کے ساتھ لگایا جائے تو اس کی آواز لفظ میں شامل ہوتی ہے جیسے: آئے، چائے، گائے، لائی، کھائی وغیرہ۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر ان سے کہیے کہ "ء" کے الفاظ بنائیں اور زبانی طور پر سنائیں۔ جو گروہ زیادہ الفاظ بتائے گا وہ جیت جائے۔
- "ہ، ء" سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر دکھا کر درست آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ہ" اور "ء" لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (پڑھائی) "ی، ے"

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۱۶
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

"ی" سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔ سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ "ی" کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا "ی" لکھیں یا کاغذ/ گتے سے بنا کر چپکائیں "ی" کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پڑھائی کروایئے۔ "ی" کے لیے یکّہ، یاک پہلے آپ پڑھیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ یکّہ اور یاک کے علاوہ اور الفاظ بھی پوچھیے جن میں شروع میں بیچ میں یا آخر میں کہیں بھی "ی" کی آواز آتی ہو۔ کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصاویر بھی لگایئے۔ "ی" کے طریقہ تدریس سے ہی "ے" کی پڑھائی بھی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے ہر حرف (ی،ے) کی پڑھائی کروایئے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ی" اور "ے" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۱۷ — پنسل پھیریے

## مقصد

- پنسل یا قلم پر پختہ گرفت رکھتے ہوئے افقی، عمودی اور لہریہ خطوط (Lines) اور پھر بہ تدریج دیگر خطوط مثلاً دائروں، ن صف دائروں اور بیضوی دائروں وغیرہ پر مبنی خاکے اور اشکال بناسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۱۷
- تختۂ تحریر
- کاغذ
- مارکر

### آمادگی

تختہ تحریر پر کتاب کے صفحہ سے ملتی جلتی نمونہ لائنیں بنایئے۔ بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ویسی ہی لائنیں بنانے کے لیے کہیے۔ بچے جیسی لائنیں بھی بنائیں ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ جماعت کے ہر بچے کو بلا کر اس سے لائنیں بنوایئے۔ بچے اس کام میں بہت دلچسپی لیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر دی گئی نمونہ لائنوں پر پنسل پھروایئے۔ یہاں تمام لائنیں افقی ہیں۔ یہ کام کرتے وقت دھیان رکھیے کہ بچے دائیں سے بائیں پنسل کو حرکت دیں۔ یہ کام رنگین پنسلوں سے بھی کروایا جاسکتا ہے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- پرانے اخبار یا کاغذ پر مارکر یا رنگین پنسل سے الگ الگ نمونے کی افقی لائنیں بنوایئے۔

### گھر کا کام

- کاپی میں الگ الگ نمونے کی افقی لائنیں بنانے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۲۳۔ ۱۸ — حُروف تہجّی (لکھائی) ''ا، آ''

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کرکے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۸
- حرف ''ا'' اور ''آ'' کے کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ا'' اور ''آ'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ا'' اور ''آ'' کی آواز بتایئے۔ بچّوں کو بھی سکھایئے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے ''ا'' اور ''آ'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ا'' اور ''آ'' کی آواز اور شکل کو اچھی طرح سے سیکھ

جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر اور نام پڑھوائیے۔ ’’ا‘‘ اور ’’آ‘‘ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: انار، آڑو، الماری، آم، آدمی، آلو وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- میز پر ’’ا‘‘ اور ’’آ‘‘ کے الفاظ کے فلیش کارڈ ملا کر رکھیں اور کہیے کہ ’’ا‘‘ کے الفاظ الگ کریں اور ’’آ‘‘ کے الگ۔ اسی میں ’’ا‘‘ اور ’’آ‘‘ کے الفاظ بھی ملادیں۔ پھر فلیش کارڈ سے لفظ بنانا سکھائیں۔ آم، آپ، اب، اس وغیرہ۔ یہ دل چسپ کھیل رہے گا۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ’’ا‘‘ اور ’’آ‘‘ لکھوائیے۔ آلو بنا کر رنگ بھریں۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ’’ب خاندان‘‘

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’کے جی‘‘ صفحہ نمبر ۱۸
- ’’ب‘‘ خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ’’ب‘‘ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ’’ب‘‘ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ’’ب‘‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ’’ب‘‘ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دی گئی تصاویر اور نام پڑھوایئے۔ ''ب'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتایئے۔ جیسے: بلّی، بطخ، بانو، بادل، بارش، بستہ وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ ''ب'' خاندان کے باقی حروف بھی اسی طرح پڑھوایئے اور لکھوایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- میز پر ''ب'' کے خاندان کے الفاظ کے فلیش کارڈ ملا کر رکھیں اور کہیے کہ ''ب'' کے الفاظ الگ کریں اور ''پ'' کے الگ۔ اسی میں ''ت''، ''ٹ'' اور ''ث'' کے الفاظ بھی ملادیں۔ پھر فلیش کارڈ سے لفظ بنانا سکھائیں۔ یہ دل چسپ کھیل رہے گا۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ب'' کے خاندان کے حروف لکھوایئے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ج خاندان''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۱۹
- ''ج'' خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ج'' کے خاندان کے تمام حروف کے کٹ آؤٹس لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ج'' کی آواز بتایئے۔ بچّوں کو بھی سکھایئے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے ''ج'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ج'' کی آواز اور شکل کو اچھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔ یہی مشق ''ج'' کے کاندان کے دوسرے حروف کے ساتھ بھی کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوایئے۔ ”ج“ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتایئے۔ جیسے: جہاز، جوتا، جالی، جال، جگ، جامن وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ ”ج“ خاندان کے باقی حروف کی پڑھائی اور لکھائی بھی اسی طرح کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ج“ کے خاندان کے حروف کے فلیش کارڈ اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر ملا کر بچّوں کو دیں اور ان سے کہیے کہ درست سیٹ بنا کر دکھائی۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ج“ کے خاندان کے حروف لکھوایئے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ”د خاندان“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۱۹
- ”د“ خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

”د“ کے خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس تختۂ تحریر پر لگایئے، باری باری تمام حروف کی آواز بتایئے۔ اب ”د“ کی آواز پوچھیے۔ یہ بچّوں کو بھی سکھایئے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے ”د“ کے خاندان کے حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ان حروف کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ”د“ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: دادا، دادی، دال، درخت، دھوپ، دیا وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ ”د“ خاندان کے باقی حروف کی پڑھائی اور لکھائی بھی اسی طرح کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- میز پر ”د“ کے حروف کے الفاظ کے فلیش کارڈ ملا کر رکھیں اور باری باری کسی ایک حرف کے الفاظ الگ کرنے کے لیے کہیے جیسے کبھی ”د“ کے کبھی ”ذ“ کے۔ پھر فلیش کارڈ سے لفظ بنانا سکھائیں۔ دادا، ڈبا وغیرہ۔ یہ دل چسپ کھیل رہے گا۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”د“ کے خاندان کے حروف لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ”ر خاندان“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۲۰
- ”ر“ خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

”ر“ خاندان کے حروف کے کٹ آؤٹس تختۂ تحریر پر لگائیے۔ حروف کی آوازیں بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب کسی ایک حرف مثلاً ”ر“ کے بارے میں پوچھیے کہ اس کی آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”ر“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ اس خاندان کے سبھی حروف کی آوازیں اور شکلیں اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ''ر'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: راجا، ریل، رسی، ریچھ وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ ''ر'' خاندان کے باقی حروف بھی ایسے ہی پڑھائیے اور لکھوائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ر'' کے خاندان کے حروف کے فلیش کارڈ دوسرے حروف کے فلیش کارڈز میں ملا کر بچّوں کو دیں اور پھر ان میں سے ''ر'' کے خاندان کے حروف نکالنے کے لیے کہیے۔ اچھّے کام پر بچّوں کو شاباشی دیجیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ر''اور اس کے خاندان کے حروف لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''س، ش''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۰
- حروف ''س''، ''ش'' کے کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

''س'' اور ''ش'' کے کٹ آؤٹ تختۂ تحریر پر لگائیں۔ بچّوں سے ان کی پہچان کروائیں۔ ان کی آوازیں بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے۔ ''س'' اور ''ش'' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ وہ جو الفاظ بتائیں ان کو تختۂ تحریر پر بھی لکھیے اور ان کی تصاویر ان کے ساتھ لگائیے۔ باری باری نام پوچھیے ''س'' اور ''ش'' کی آواز پر زور دیجیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ صفحے پر دی گئی تصاویر اور نام پڑھوائیے۔ ''س'' اور ''ش'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: سورج، شیر، شلجم، سنگترہ، شیروانی، شادی وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- میز پر ''س'' اور ''ش'' کے الفاظ کے فلیش کارڈ ملا کر رکھیں اور کہیے کہ ''س'' کے الفاظ الگ کریں اور ''ش'' کے الگ۔ ان کے ساتھ تصاویر بھی شامل کر دیں اور درست سیٹ بنانے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''س'' اور ''ش'' کے خاندان کے حروف لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ص، ض''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۱
- حروف ''ص''، ''ض'' کے کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

''ص'' اور ''ض'' کے کٹ آؤٹس تختۂ تحریر پر لگائیے۔ بچّوں سے پہچان کروا کے ان کی آوازیں بچّوں کو بتائیے اور ان سے دہرانے کے لیے کہیے۔ ''ص'' اور ''ض'' کی آواز سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھیے بچّے جو الفاظ بتائیں اور تختۂ تحریر پر لکھیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ضعیف کا مطلب سمجھائیے۔ ''ص'' اور ''ض'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کی کرسیوں پر کپڑا ڈال کر اسے صوفے کی شکل دیجیے اور بچّوں سے باری باری پوچھیے اور بتائیے کہ ''ص'' سے صوفہ۔ ایک بچّے کو سفید نقلی داڑھی مونچھ لگا کر ضعیف بنائیے۔ کسی بچّی کو بھی دوپٹہ اوڑھا کر ضعیف بنا سکتے ہیں۔ بچّوں کو بتائیے کہ ضعیف لوگوں کے ساتھ کسی طرح ادب سے پیش آنا چاہیے۔ ایک اچّھا اور سبق آموز رول پلے کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ص'' اور ''ض'' لکھوائیے۔ کاپی میں صوفہ بنا کر اس میں رنگ بھروائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ط، ظ''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۱
- حروف ''ط'' اور ''ظ'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کٹ آؤٹس لگا کر ''ط'' اور ''ظ'' کی آوازوں کی مشق کروائیے۔ ان کی سکل کی پہچان کروائیے۔ یہ اعادے کی مشق ہے جو بچّوں کے لیے ضروری ہے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ''ط'' اور ''ظ'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: طوطا، طباق، ظروف، ظریف اور طاق وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- طوطے کی تصویر کا خاکہ دے کر اس میں رنگ بھروائیے۔ اچھّا رنگ بھرنے پر شاباشی دیجیے جو بچّہ رنگ بھرے اس سے کہیں طوطے کی آواز نکالیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ط'' اور ''ظ'' لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ”ع، غ“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۲۱
- ”ع“ اور ”غ“ کے کٹ آوٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ”ع“ اور ”غ“ کے کٹ آوٹس کے بارے میں بچّوں سے پوچھیے۔ ان کی آواز بھی پوچھیے اگر مدد کی ضرورت ہو تو مدد کیجیے۔ یہ اعادہ ہے زیادہ تر بچّے یہ کر پائیں گے لیکن پھر بھی اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ ”ع“ اور ”غ“ کی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ”ع“ اور ”غ“ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: عینک، عالیہ، عورت، غبارہ، غالیچہ، غلیل وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو ”ع“ اور ”غ“ کے فلیش کارڈ دیں۔ ان سے کہیں کتاب میں تلاش کریں یہ حروف کہاں کہاں آئے ہیں؟ میچ کر کے گنتی کریں اور جماعت کے سامنے بتائیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ع“ اور ”غ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ف، ق''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۲
- حروف ''ف'' اور ''ق'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر لگے ''ف'' اور ''ق'' کے کٹ آؤٹس کی مدد سے بچّوں کو شکل اور آواز کا اعادہ کروائیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے ان حروف کی آوازیں کون کون سے الفاظ میں آتی ہیں بچّوں سے پوچھیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ''ف'' اور ''ق'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: فالودہ، فرش، فوارہ، فرض، فوٹو، قلم، قرآن، قالین وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''ف'' اور ''ق'' کے کارڈز ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔ جو بچّہ کارڈ نکالے اس کو شاباشی دیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ف'' اور ''ق'' لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ک، گ''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۲
- حرف ''ک'' اور ''گ'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

کٹ آؤٹس تختۂ تحریر پر لگا کر شکل اور آواز کا اعادہ کروایئے۔ پچھلے اسباق میں جس طرح مشق کروائی گئی ہے اسی کو دہرایئے۔ یہ اعادے کی مشق ہے اس لیے بچّے اسے باآسانی کرلیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوایئے۔ ''ک'' اور ''گ'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتایئے۔ جیسے: کیلا، کرسی، کتاب ، گاڑی، گاجر، گلاس وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- گاڑی کے خاکے میں رنگ بھروایئے بعد میں یہ تصاویر جماعت میں آویزاں کیجیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ک'' اور ''گ'' لکھوایئے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ”ل، م“

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۲۲
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر خوب صورتی سے ”ل“ اور ”م“ بڑا بڑا لکھیے۔ شکل اور آواز کی پہچان کروا کے بچّوں سے دہرائی کروایئے۔ آواز سنیے اور حرف سے شروع ہونے والے الفاظ بھی پوچھیے۔ اچّھی طرح مشق کیجیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوایئے۔ ”ل“ اور ”م“ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتایئے۔ جیسے: لومڑی، لٹو، لال، مچھلی، مرغی، مٹر وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کہیے لال رنگ کی کسی بھی چیز کی تصویر بنا کر اس میں رنگ بھریں اور ساری تصاویر جماعت میں آویزاں کریں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ل“ اور ”م“ لکھوایئے۔ مچھلی کی تصویر بنوایئے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ن، و''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۳
- حرف ''ن'' اور ''و'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ن'' اور ''و'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ن'' اور ''و'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ن'' اور ''و'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ن'' اور ''و'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ ''ن'' اور ''و'' کی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ ''ن'' اور ''و'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بھی بتائیے۔ جیسے: ناشپاتی، نانی، نل، ناپ، ورق، واقعہ وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں بچّوں سے آسان ورزش کروائیے۔ ورزش کے فائدے بھی بتائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ن'' اور ''و'' لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ہ، ء''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۳
- حرف ''ہ'' اور ''ء'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر خوب صورتی سے بڑا بڑا ''ہ'' اور ''ء'' لکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ حروف کی آوازیں بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ ان آوازوں سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ہ'' اور ''ء'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ ''ء'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا لیکن الفاظ میں ان کی آواز آتی ہے جیسے چائے، گائے، آئی، نائی، آئے، جائے۔ اور ''ہ'' سے ہرن، ہاتھی، ہاتھ وغیرہ۔ ''ہ'' اور ''ء'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ہاتھی کے تصویری خاکے میں رنگ بھروائیے اور جماعت میں آویزاں کیجیے۔ اچّھا رنگ بھرنے والے بچّوں کے کاغذ پر ستارہ چپکائیے اور شاباش دیجیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ہ'' اور ''ء'' لکھوائیے۔

# حُروف تہجّی (لکھائی) ''ی، ے''

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروفِ تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۳
- حرف ''ی'' اور ''ے'' کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا بڑا ''ی'' اور ''ے'' لکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ حروف کی آواز بتایئے۔ بچّوں کو بھی سکھایئے۔ اب پوچھیے کہ ان آوازوں سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے ''ی'' اور ''ے'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ی'' اور ''ے'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دی گئی تصاویر کے نام پڑھوایئے۔ ''ی'' اور ''ے'' سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے۔ جیسے: یاک، یاسمین، یہاں، یہ، یکّہ وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو مختلف تصویریں دیجیے اور لفظ | یہ | کا فلیش کارڈ ہر بچّہ کسی ایک تصویر اور | یہ | کے فلیش کارڈ کی مدد سے جملہ بنایئے۔ بچّے اس میں ضرور دل چسپی لیں گے۔ یہ مشق دہرائی جاسکتی ہے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ی'' اور ''ے'' لکھوایئے۔

# شرارتی حُروف

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب /=اب۔/ج/+/ا/=جا
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۲۴
- شرارتی حروف کے گتے کے کٹ آؤٹس
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں کو بتایئے کہ الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کو آپس میں ملا کر لکھتے ہیں۔تقریباً سب حروف ہی آپس میں مل جاتے ہیں لیکن ۹ حروف ایسے ہوتے ہیں جو صرف ان حروف سے ملتے ہیں جو ان سے پہلے آتے ہیں اور بعد میں آنے والے حروف سے وہ نہیں ملتے۔ ایسے حروف کو شرارتی نو یا شرارتی حروف کہتے ہیں۔ تختۂ تحریر پر ان حروف کو بڑا بڑا لکھیے یا پھر کارڈ شیٹ کی مدد سے بڑے حروف بنا کر بورڈ پر لگایئے۔ پہچان کروایئے اور اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔مشق کرنے کے بعد بچے بخوبی ان حروف کو پہچان لیں گے۔حروف پڑھایئے اور نیچے دی گئی مثالیں اچّھی طرح سمجھایئے۔ شرارتی حروف کو مزید حروف کے ساتھ ملانے کی بھی مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- شرارتی حروف کے فلیش کارڈز بنایئے۔ دوسرے حروف کے بھی فلیش کارڈز کے ساتھ ملا کر بچّوں کو دیں اور ان میں سے الگ کرنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- شرارتی حروف کاپی میں لکھ کر لایئے۔

# ارکان سازی 'ا' کے ساتھ ''ب کا خاندان''

## مقاصد


- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ ( کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: | با | | جا | | باجا |، | جا | | تا | | جاتا |۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۵
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

اردو زبان کی تحریر ایک خاص طریقۂ تدریس چاہتی ہے جیسے کہ پہلے ہم نے حُروفِ تہجّی کو پہچاننے کے لیے ان کے خاندانوں کی تقسیم کا حوالہ دیا تھا اسی کو بنیاد بن اکر اب ان کو اسے جوڑنا سکھائیں گے۔ تو سب سے پہلا خاندان ''ب'' کا آتا ہے تو پہلے بچّوں کو زبانی سکھائیں۔ اس کے لیے ''ب'' کے خاندان (ب،پ، ت، ٹ، ث) کے فلیش کارڈز اور ''ا'' کا فلیش کارڈ اور با پا تا ٹا ثا کے فلیش کارڈ کی مدد سے پڑھائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ ''ا'' سے ملنے کے بعد تمام حُروف کی آواز لمبی ہوجائے گی آواز کی مشق کراویئے۔ تو با کی آواز کی مشق کروایئے اور بار بار کہلوایئے | ب | | ا | | با |، | پ | | ا | | پا | اور اسی طرح ث تک جایئے اورصوتیات پر بہت زیادہ توجہ دیں۔ تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھایئے اور جب لکھیں تو اس دوران بآواز بلند کہیں ۔ پہلے چھوٹی سی **ب** بنائی اور پھر اس میں ملایا ''ا''۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ منھ سے بآواز بلند ادا کرتے جائیں اورمشق کرتے جائیں۔



## سبق کی تدریس

زبان سے ادا کرنے سے وہ باآسانی درست سمت میں لکھ سکیں گے۔ اوپر بتایا ہوا طریقہ یعنی بول کر لکھنا اس غلطی سے بچالے گا۔ اسی طرح اس خاندان کے ایک ایک حرف کو لکھنا سکھائیں اور پھر کتاب میں دیے گئے نقطوں پر بھی ہاتھ پھیریں اور یہ گاتے جائیں۔ ''با'' لکھتے ہیں نیچے سے اوپر۔ اسی طرح ''پا'' سے لفظ بنا کر دکھائے گئے ہیں اور ''ٹا'' سے بھی۔ ''با'' ''ٹا'' کو ملا کر لفظ بھی بتائے ہوئے طریقہ پر سکھائیں۔منھ سے بول کر لکھنا

غلطی کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ یہ بھی بتایئے کہ اس رکن کو اگر دوبارہ لکھیں گے تو اک لفظ بن جائے گا۔ جیسے: بابا، پاپا، ٹاٹا، باٹا۔ پھر کتاب میں نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروایئے۔ فلیش کارڈ بنایئے ہر کارڈ پر ایک لفظ لکھا ہوا ہو اور کچھ کارڈز پر صرف با، پا، تا، ٹا،ثا لکھا ہوا ہو تا کہ بچّوں سے کھیل کھیل میں دو کارڈ اس طرح ملانے کو کہیں جن سے با معنی لفظ بنتا ہو جیسے پاپا پا پا ایک کھانے کا پاپا دوسرا وہ جو بچّے اپنے ابّو کو کہتے ہیں۔ باقی لفظ کتاب میں نقطوں پر لکھوایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- تختۂ تحریر پر بچّوں سے ''ب'' خاندان کی آدھی اشکال لکھوانے کی مشق کروایئے۔
- ''ب'' خاندان کے حروف کی ''ا'' کے ساتھ ارکان کے فلیش کارڈز بنا کر بچّوں کو دیں۔ بچّے دو کارڈ ملا کر ایک لفظ بنائیں اور پڑھ کر سنائیں۔

## گھر کا کام

- ''ب'' خاندان کی ''ا'' کے ساتھ ارکان سازی کروایئے، لکھوایئے۔ با، پا، تا، ٹا، ثا۔

## صفحہ ۲۶۔۲۷

## کہانی۔ مدد

### مقاصد

- نظمیں، گیت اور کہانیاں توجّہ سے سن کر لطف اندوز ہوسکیں اور ان پر اپنے ردِعمل کا اظہار کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۷۔ ۲۶

### آمادگی

بچّوں سے مدد کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ دیکھیے کہ وہ ''مدد'' کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ امّید ہے کہ وہ جانتے ہوں گے۔ اگر نہیں تو آپ انھیں بتایئے کہ ''''مدد'' کا کیا مطلب ہے۔ ''مدد'' کیسے کرتے ہیں۔ ''مدد'' کیوں کرنی چاہیے، ''مدد'' کرنے سے کیا ہوتا ہے۔ یہ سب وہ سوالات ہیں جن کے جوابات کے ذریعے بچّوں کے ذہنوں میں مدد کا مطلب اورمقصد واضح ہوجائے گا۔ ان سے پوچھیے کہ کبھی انھوں نے کسی کی مدد کی ہے؟ اگر کی ہے تو کیسے؟ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ اب کتاب کےصفحہ ۲۶ اور ۲۷ پر موجود کہانی ''مدد'' کا صفحہ کھول کر انھیں دیکھنے کے لیے کہیے۔تھوڑا وقت دیجیے پھر ان سے پوچھیے کہ تصویر میں انھیں کیا کیا نظر آیا؟ وہ بچّے کون ہیں؟ کیا کر رہے ہیں یعنی کہ تصویر دکھا کر پیش گوئی کروایئے کچھ سوالات بھی پوچھیے تاکہ اندازہ ہوسکے کہ بچّے کیا سمجھے ہیں۔ بچّوں کو بتایئے کہ آج ہم یہ کہانی پڑھیں گے دیکھتے ہیں اس کہانی میں کیا ہے؟

## سبق کی تدریس

اب کہانی سُنانے کا وقت ہے پہلے بچّوں کو ہدایات دے دیں کہ سب غور سے سُنیں کیوں کہ کہانی کے بعد سوالات بھی پوچھے جائیں گے۔ دل چسپ طریقے سے کہانی سُنائیے۔ کہانی کے بارے میں بچّوں سے سوالات کیجیے۔

- دونوں لڑکے کہاں کھڑے ہیں؟
- دونوں لڑکوں کے نام کیا ہیں؟
- علی کی کیا مجبوری تھی؟
- دونوں کیوں پریشان تھے؟
- احمد نے کیا مشورہ دیا؟
- علی نے کیا مدد کی؟
- احمد نے کیا مدد کی؟

بچّوں سے پوچھیے کہ انھوں نے کیا سبق سیکھا؟ بچّوں کو بتائیے کہ کیا ایک دوسرے کی مدد سے بڑی بڑی مشکلات آسان ہوجاتی ہیں؟
بچّوں سے کہیے وہ وعدہ کریں کہ جب جہاں ضرورت ہوگی آپ ایک دوسرے کی مدد کرکے آسانیاں پیدا کریں گے۔ یہ بات اللہ کو بھی بہت پسند ہے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کہانی کا رول پلے کروائیے۔ ایک بچّے کو احمد بنائیے اور ایک بچّے کو علی۔ یہ کام گروہی شکل میں کروائیے۔ اچّھی طرح تیاری کرواکر رول پلے کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر جاکر یہ کہانی امّی ابّو کو سنائیے (زبانی)

# صفحہ ۲۸ — ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''ج'' کا خاندان

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کرکے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: | با | جا | باجا، | جا | تا | جاتا |۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۸
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

بچّوں کو بتایئے کہ اب ''ج'' کا خاندان آیا ہے جس میں سے ہر حرف کو ''ا'' کے ساتھ ملانا ہے۔ جیسے ہم نے پہلے ''ب'' کے خاندان کو ملایا تھا۔ ''ج'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ج'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ج'' لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں ''ج'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہنچاتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

''ج'' کی ساخت بتائے ہوئے طریقے پر بنا کر ''ا'' کو اوپر لے جائیں۔ [ج] [ا] [جا]۔ اس کی تختۂ تحریر پرمشق کرائیں اور اسی طرح کے خاندان کونقطوں کے فرق کے ساتھ پڑھوایئے اور لکھوایئے۔ [جا]، [چا]، [حا] [حا]، [خا] کے فلیش کارڈ بنایئے۔ اور ان کی مدد سے ہر بچّوں کو لکھنا سکھایئے۔صوتیات پر بھی زور دیجیے ج کی آواز پہلے کیسی ہوتی ہے ''ا'' سے ملنے کے بعد کیسی ہوتی ہے؟ اس طرح پورے خاندان کے ہر حرف کی مشق کرایئے کتاب میں دیے گئے نقطوں سے لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروایئے پھر ان کو بڑی مہارت کے ساتھ تختۂ تحریر پر بول بول کر لکھیے۔ بچّے دہرائیں یہ ایک کامیاب مشق ہے۔ اس کے بعد نیچے دیے ہوئے الفاظ حال، حال، چار،خاک پڑھنے کی مشق کروایئے۔

کتاب میں دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز بھی بنایئے۔تختۂ تحریر پر لکھ کر یاد کروایئے اور ہلکی سیاہی میں لکھے گئے الفاظ پر پنسل پھروایئے۔ بچوں سے پوچھیے وہ ان حُروف کی مدد سے اور کون کون سے لفظ بناسکتے ہیں؟ مثلاً جار، خار، چال، چاچا وغیرہ۔بچّوں کومشق کروایئے اور تختۂ تحریر پر بھی لکھوایئے دیکھیے کتنے بچّے سیکھ گئے اور کتنوں کو انفرادی توجّہ اور مدد کی ضرورت ہے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ہر حرف کی پہچان کروایئے۔
- تصاویر دکھا کر حرف کی آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- گھر پر ہر حرف (ج، چ، ح، خ) لکھنے کے لیے دیجیے۔

# صفحہ ۲۹ | ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''د'' کا خاندان

## مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: | با | جا | باجا ، | جا | تا | جاتا |۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۲۹
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

بتایئے کہ آج ''د'' کے خاندان د ڈ ذ کے ساتھ ''ا'' ملا کر لکھیں گے لیکن د ڈ ذ وہ حُروف ہیں جن سے ''ا'' نہیں ملتا۔ ''ا'' الگ لکھا جاتا ہے جیسے: دا، ڈا، ذا۔

بچّوں کو بتایئے کہ اب ''د'' کا خاندان آیا ہے جس میں سے ہر حرف کو ا کے ساتھ ملانا ہے۔ جیسے ہم نے پہلے ''ب'' کے خاندان کو ملایا۔
''د'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتا سکیں گے۔ اگر نہ بتا سکیں تو آپ بتائیں۔ ''د'' کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آتی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتا سکیں نہ بھی بتا سکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''د'' لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں ''د'' کا تعارف کروائیں۔ بچّے اس کی شکل اور نام پہنچاتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

## سبق کی تدریس

فلیش کارڈز کی مدد سے ''ا'' کے ساتھ ارکان بنا کر پڑھوایئے۔ 'د، ڈ، ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ کے فلیش کارڈ اور تصاویر بھی دکھائیں اور پڑھوائیں۔ صفحے کے آخر میں دیے ہوئے الفاظ کے لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور پڑھنے کی اجتماعی اور انفرادی مشق کروایئے۔ فلیش کارڈ بنایئے د، ڈ، ذ بغیر ملے الفاظ بناتے ہیں۔ کچھ الفاظ کتاب میں ہیں۔ تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھنے کی مشق کروایئے اور کتاب سے دیکھ کر الفاظ بتایئے۔

کتاب کا صفحہ کھلوا کر د، ڈ، ذ کو ''ا'' کے ساتھ ملا کر لکھنا بنایئے۔نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ | دا | ڈا | ذا |

نیچے دیے ہوئے الفاظ کی اجتماعی اورا نفرادی بلند خوانی کروایئے۔ صفحے پر لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروایئے۔ فلیش کارڈز پر الفاظ اور حُروف لکھ کر پہچان کروایئے۔خوب مشق کروایئے تا کہ الفاظ اچّھی طرح ذہن نشین ہوجائیں۔ یہ ضرور بتادیں کہ ''د'' اپنے بعد آنے والے کسی حرف سے نہیں ملتے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ہر حرف کی پہچان کروایئے۔
- تصاویر دکھاکر حرف کی آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- گھر پر ہر حرف (د، ڈ، ذ) لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۰ — ارکان سازی ''ا'' کے ساتھ ''ر'' کا خاندان

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ ( کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: | با | | جا | | باجا |، | جا | | تا | | جاتا |۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۰
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

### آمادگی

''ر، ڑ، ز اور ژ'' سے شروع ہونے والی مختلف چیزوں کی تصاویر یا چیزیں جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیں۔سبق شروع کروانے سے پہلے بچّوں کو چیزیں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچّے یقیناً نام بتاسکیں گے۔ اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتائیں۔ ''ر، ڑ،ز، ژ'' کی آوازوں پرغور کرنے کے لیے کہیے یعنی کہ شروع کی آواز پر غور کرنے کے لیے کہیے، پھر پوچھیے کہ یہ آواز کس کی ہے؟ شاید کچھ بچّے بتاسکیں نہ بھی بتاسکیں تو کوئی بات نہیں۔ تختۂ تحریر پر بڑے سائز میں ''ر، ڑ، ز اور ژ'' لکھیں یا کاغذ/ گتّے سے بنا کر چپکائیں، حُروف کا تعارف کروائیں۔ بچّے ان کی شکل اور نام پہچانتے ہیں، یاد دہانی کے بعد دہرائی کروایئے اور درست آواز نکالنے کا طریقہ بتایئے۔

"ر" کا پورا خاندان اپنے بعد کسی لفظ سے نہیں ملتا یہ خود الفاظ کے آخر میں آتا ہے، مثلاً [ک | ر] [کر]، [س | ر] [سر] وغیرہ۔ فلیش کارڈز کی مدد سے بتائے ہوئے طریقے پر آگے بڑھیں۔ کتاب میں ہلکے رنگ میں لکھے ہوئے الفاظ کی تحریری مشق کروایئے۔ فلیش کارڈز بنا کر دیکھیے کہ کیا کوئی حرف لفظ بناتا ہے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حروف کی پہچان کروایئے۔ الفاظ بنوایئے۔ اچھی طرح مشق کروایئے۔
- تصاویر دکھا کر حرف کی آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- گھر پر ہر حرف (ر، ڑ، ز، ژ) لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۱ — تارے (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال، خوش آہنگی اور درستی تلفظ کے ساتھ سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لطف اندوزی سے سن کر تاثرات کے ساتھ دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- کہانی سن/پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے تجربات سے مع مثال منسلک کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۳۱
- رات کا منظر بنانے کے لیے سیاہ کاغذ اور چمکیلے ستارے

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کس کس نے رات کے وقت آسمان دیکھا ہے؟ پوچھیے کہ انھیں وہاں کیا کیا نظر آتا ہے؟ بچّے یقیناً چاند اور تارے کہیں گے۔ بچّوں کو بتایئے آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جس کا عنوان ہے "تارے"۔ کتاب کھلوا کر بچّوں کو نظم کا صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔تھوڑا وقت دیجیے پھر ان سے پوچھیے کہ انھیں وہاں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ بچّے بہت جوش سے بتائیں گے۔سب کو بتانے کا موقع دیں۔

## سبق کی تدریس

اساتذہ نظم کو اس کے لحن کے حساب سے پڑھ کر سنائیں۔ بچّوں کو غور سے سُننے کی ہدایت کیجیے۔ انفرادی بلند خوانی بھی کروایئے۔ اساتذہ ساتھ دے سکتے ہیں۔ جاگے تارے کا مطلب سمجھایئے یعنی رات کو وہ نظر آنے لگتے ہیں تو اس کو تاروں کا جاگنا کہا گیا ہے۔سب بچّے مل کر نظم لحن کے ساتھ پڑھیں۔ ایک دو دفعہ پڑھنے کی مشق کروانے کے بعد سوالات پوچھیے۔ جیسے:

۱۔ بچّوں سے پوچھیے انھیں نظم کیسی لگی؟
۲۔ انھیں رات کے وقت آسمان کیسا لگتا ہے؟
۳۔ رات کے وقت آسمان پر کیا کیا نظر آتا ہے؟
۴۔ آپ کو تارے کیسے لگتے ہیں؟
۵۔ آپ کے خیال میں تارے کیسے چمکتے ہیں؟

بچّے جواب میں اپنی سمجھ کے مطابق کچھ بھی کہہ سکتے ہیں سب کے جوابات قبول کیجیے اور ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ایک سیاہ رنگ کے کاغذ پرسُنہری یا روپہلی تارے چپکوا کر خوب صورت سی رات بنوایئے۔ کاغذی ستارے بازار سے مل جاتے ہیں ورنہ اساتذہ سُنہرا/ روپہلا کاغذ کاٹ کر بچّوں کو تارے بنا کر دیں اور وہ ایک کاغذ پر چپکائیں۔بعد میں جماعت میں موزوں جگہ پر آویزاں کر دیجیے۔

## گھر کا کام

- نظم ''تارے'' پڑھ کر آیئے۔

## صفحہ ۳۲ درست تصویر سے حَرف ملایئے (جانچ)

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''تربوز'' میں آواز/ت/ لفظ''خرگوش'' میں آواز/ش/ اور ''برف'' میں آواز/ر/۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۲
- تختۂ تحریر

## آمادگی

''ب، پ، ت، ٹ اور ث'' تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی آوازوں اور نام کا اعادہ کروایئے۔ بچّوں سے پوچھ کر ان حروف کی آواز سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام یا تصاویر تختۂ تحریر پر لکھیے یا لگایئے۔ اعادہ کی مشق اچّھی طرح کروانے کے بعد کتاب میں کام کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۳۲ کھلوایئے۔ بچّوں سے پوچھیے انھیں کیا لگتا ہے کہ یہاں کیا کام کرنا ہے؟ امّید ہے وہ جھٹ سے بتا دیں گے۔ پھر بھی کام کو

اچھی طرح سے سمجھانے کے بعد انھیں خود سے کرنے دیجیے۔ امّید ہے وہ یہ کام بغیر کسی مدد کے کرلیں گے۔ پہلے زبانی طور پر حل کروالیں پھر ان سے کروائیں۔ اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## صفحہ ۳۳۔ ۳۴    چڑیا گھر کی سیر

### مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۴۔ ۳۳

### آمادگی

بچّوں کو بتایئے کہ آج ہم ایک ایسا کام کریں گے جس میں تصویر کو بہت غور سے سمجھ کر دیکھنا ہوگا پھر اس کے بارے میں بات بھی کرنی ہوگی اور سوالات کے جواب بھی دینے ہوں گے اس لیے سب بہت غور سے دیکھیں۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے کے لیے کچھ وقت دیجیے اور کہیے کہ ہر تصویر کو غور سے دیکھیں کہ اس میں کیا کیا ہے۔ ان سے کہیے کہ تصاویر کو خاموشی سے دیکھیں اور دل میں سوچیں کہ کہاں کی تصویر ہے؟ تصویر میں کون کون ہے؟ تصویر میں کیا کیا ہورہا ہے؟ تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟

### سبق کی تدریس

مناسب وقت دے کر خاموشی سے سوچنے کے بعد اب اساتذہ بچّوں سے پوچھیں کہ یہ کہاں کی تصویر ہے؟ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے کہ یہ چڑیا گھر ہے۔ اب مزید سوالات کیجیے۔

کیا آپ نے اصل میں یہ جانور دیکھا ہے؟ کیا آپ کو چڑیا گھر جانا پسند ہے؟ اس میں جنگل کا بادشاہ بھی نظر آرہا ہے؟ ذرا اس کا نام تو بتایئے؟ کیا آپ کو شیر کو دیکھ کر ڈر لگتا ہے؟ کیا آپ نے شیر کی آواز سُنی ہے؟ امّی کے ساتھ کتنے بچّے ہیں؟ دوسری تصویر میں بچّی کے ساتھ کون ہے؟ اس میں کون سا پرندہ نظر آرہا ہے؟ پانی میں کتنی بطخیں ہیں؟ پودوں کے اوپر کون ہے؟ کیا آپ نے اصلی تتلی دیکھی ہے؟ یہ کہاں ہوتی ہے؟ اس مشق کا مطلب ہے بچّوں کی قوّتِ مشاہدہ کو بڑھایا جاسکے۔ ان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہو۔ بچّوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں اور کُھل کر بولنے دیں۔
سوالات کے جوابات لیجیے۔

- چڑیا گھر میں کون کون سے جانور ہوتے ہیں؟
- بطخیں کہاں رہنا پسند کرتی ہیں؟
- بطخوں کی آواز کیسی ہوتی ہے نقل اتاریں؟

- تتلی زیادہ تر کہاں نظر آتی ہے؟
- کیا آپ نے کبھی تتلی کو پکڑا ہے؟
- تصویر میں کتنی بطخیں ہیں؟
- آپ نے بطخ دیکھی ہے؟ کہاں پر؟
- پنجرے میں کتنے پرندے ہیں؟
- بتائیے اس جانور کا کیا نام ہے جو بہت شریر ہوتا ہے اور ایک پنجرے میں بند نظر آرہا ہے؟
- ایک بڑا جانور پنجرے میں نظر آرہا ہے۔ اس کا نام کیا ہے؟
- بڑے سے جانور کے منھ کے آگے جو لمبی سی ناک جیسی چیز ہے اسے کیا کہتے ہیں؟
- کیا آپ میں سے کسی کے گھر طوطا پلا ہوا ہے؟
- آپ طوطے کو کیا کھلاتے ہیں؟
- طوطا کیسے بولتا ہے؟

## سرگرمیاں (تجاویز)

- اس مشق کے بعد بچّوں میں چڑیا گھر کے لیے بڑا جوش و خروش پیدا ہوگا تو ایک پروگرام بنائیے اور اس جماعت کو چڑیا گھر کی سیر کے لیے لے جائیے۔ اس طرح بچّوں نے جو پڑھا اور تصویر میں دیکھا اس کو اصلی حالت میں دیکھ سکیں گے۔ واپس آکر بچّوں سے سوالات اور باتیں کیجیے۔ ان کو اپنا نظریہ اور رائے بتانے کی قدرت حاصل ہوسکے گی۔
- ان تصاویر کی مدد سے بچّوں کو کہانی بنانے کا کام بھی دیا جاسکتا ہے اس طرح بہت دل چسپ کہانیاں بچّے سُنائیں گے۔

## گھر کا کام

- کتاب کی تصویریں گھر میں امّی یا ابّو کو دکھائیے اور ان کے بارے میں بات چیت کیجیے۔

## صفحہ ۳۵ | آوازیں (نظم)

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- ترنّم، سُرتال، خوش آہنگی اور درستی تلفظ کے ساتھ سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لطف اندوزی سے سن کر تاثرات کے ساتھ دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔ مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۳۵
- تختۂ تحریر

## آمادگی

کتاب کھولے بغیر بچّوں سے ایسے سوالات اور گفتگو کیجیے جو سبق کے متعلق ہوں اور ان کا ذہن اس سبق کو پڑھنے کے لیے تیار ہوجائے۔مثلاً آپ کہیے کہ بچّوں پچھلے سبق میں ہم نے جانوروں اور پرندوں کے بارے میں پڑھا۔تصویریں دیکھیں۔ کیا آپ کو پتا ہے کہ وہ کیسے بولتے ہیں؟ ان کی کون کون سی بولیاں ہیں؟پہلے بچّوں سے پوچھیے کہ وہ کتنے جانوروں کی بولیاں جانتے ہیں وہ کیسی آوازیں نکالتے ہیں۔ امید ہے بچّوں کے اندر ایک گرم جوشی پیدا ہوگی اور وہ بڑھ چڑھ کر اس مشق میں حصّہ لیں گے۔ باری باری بچّوں سے وہ آوازیں سنیے جو وہ بتاسکتے ہیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کرنظم کا صفحہ دیکھنے کا موقع دیں اور پھر اس کے متعلق سوالات کریں جیسے : تصویر میں کون سا جانور نظر آرہا ہے؟ تصویر میں کتنی مرغیاں ہیں؟ یہ تصویر کس جگہ کی ہے؟ کس بچّے کے گھر میں مرغیاں پلی ہوتی ہیں؟

اساتذہ نظم کی بلند خوانی لحن کے ساتھ کرکے بچّوں کو سُنائیں اور پھر دوسری دفعہ وہ بھی اساتذہ کے ساتھ مل کر بلند خوانی کریں۔لحن اور تلفّظ کی طرف خاص توجہ ضروری ہے۔

ایک ایک بند کرکے نظم کو اچّھی طرح پڑھوایئے۔

نظم پڑھنے کے بعد اس کے متعلق سوالات کیجیے تاکہ معلوم ہوجائے کیا اور کتنا سمجھ میں آیا؟

- مرغی کیسے بولتی ہے؟
- مرغا کیسے بولتا ہے؟
- مرغی کے انڈوں سے جو بچّے نکلتے ہیں ان کو کیا کہتے ہیں؟
- کس کس نے چوزے پالے اور دیکھے ہیں؟
- یہ بتایئے کہ طوطے کو جو چیزیں کھانے کے لیے دیتے ہیں اس میں ان کی ایک خاص غذا چُوری کہلاتی ہے۔
- آپا نے طوطے سے کیا کہا؟
- طوطا کیسے بولا؟
- کسی بچّے سے کہیے کہ وہ نقل اتار کر بتائے۔
- اب بکری کی باری ہے جو ہر بچّے نے دیکھ رکھی ہے اس کے بولنے کو "میں میں" کہتے ہیں۔ بچّوں سے بکری کے بولنے کی نقل اتارنے کو کہیں۔
- مچّھر اندھیرے میں رات کے وقت بھن بھن کرتا ہوا آکر کاٹ لیتا ہے اس کی آواز کو "بِھن بِھن" کہا ہے۔
- گائے کے بچّے کو بچھڑا کہتے ہیں۔
- اس کی آواز کو "ماں"، "ماں" کہتے ہیں۔
- چڑیا ہر گھر، ہر درخت پر اور ہر جگہ ہوتی ہے اس کی آواز کو چیں چیں کرنا اور چوں چوں کرنا کہتے ہیں۔

کوّے کو تو سب ہی پہچانتے ہیں۔ کوّے کی بولی کو کائیں کائیں کرنا کہتے ہیں۔ کوئل کی آواز سریلی اور میٹھی ہوتی ہے اس کے بولنے کو "کُوکُو" کرنا

کہتے ہیں وہ ایسے بولتی ہے جیسے اپنی میٹھی آواز میں گانا گا رہی ہو۔
ہاں ایک پرندہ بڑا خوب صورت ہوتا ہے اور جنگل کے علاوہ کہیں پلا بھی کم ہی نظر آتا ہے اس کا نام ہے ''تیتر'' وہ ایسے بولتا ہے جیسے کہہ رہا ہو ''سبحان تیری قدرت'' یہ اللہ کی تعریف ہے۔
ایک چھوٹا سا پرندہ ہے جسے ''قُمری'' کہتے ہیں بہت کم پایا جاتا ہے اور کم لوگوں نے اسے دیکھا ہے یہ بھی اللہ کی تعریف میں گیت گاتی ہے لگتا ہے کہہ رہی ہو ''اللہ ہُو''۔
بچّوں ان پرندوں کی آوازوں اور بولیوں میں اللہ کی قدرت نظر آتی ہے۔ اللہ نے انھیں بولنے کو زبان نہیں دی لیکن یہ سب بہت سمجھدار اور عقل مند ہوتے ہیں۔ صبح سویرے انسانوں سے پہلے اٹھ کر یہ اللہ کے لیے گیت گاتے ہیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے اعادے کے طور پر یہ پوچھیے کہ انھوں نے کتنے جانوروں اور پرندوں کے بارے میں پڑھا۔ چند پرندوں اور جانوروں کی بولیوں کا اعادہ کروائیے۔

## گھر کا کام

- آپ نے نظم میں جو آوازیں پڑھی ہیں وہ اپنی امّی کو سنائیے۔

## صفحہ ۳۶ ''یہ''

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- اردو تحری میں درست سمت کی نشان دہی کرسکیں۔ (سطر کا پہلا لفظ کون سا ہے؟ ایک سطر کے اختتام پر دوسری سطر کہاں سے شروع ہو گی؟)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۶
- کارڈ شیٹ
- تختۂ تحریر

### آمادگی

کارڈ شیٹ کی مدد سے ایک بڑا سا ''یہ'' بنائیے یا پھر چاک/مارکر کی مدد سے تختۂ تحریر پر بڑا سا لکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا لکھا ہے؟ سب کے جواب سُننے کے بعد انھیں یاد دلائیے کہ جب انھوں نے ''ا'' اور ''آ'' مد سیکھا تھا تو ''یہ'' کی طرح ''مد'' بنایا تھا۔

بچّے پہلے ''آ'' لکھنا سیکھ چکے ہیں۔ انھیں بتائیے کہ ''آ'' کی چڑیا کے نیچے ''ا'' لکھنے کی بجائے اگر دو نقطے لگا دیں تو یہ ایک نیا لفظ بن جاتا ہے۔ لفظ ''یہ'' کو کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، مثلاً: یہ آم، یہ بلّی، یہ انار وغیرہ۔ اپنے اِردگرد موجود مختلف چیزوں کی طرف اشارہ کر کے اسی طرز پر مزید زبانی جُملے بنوایئے اور بار بار مشق کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر بچّوں سے پڑھوایئے۔ وہ باآسانی لفظ ''یہ'' پڑھ سکیں گے۔ تصاویر کے ساتھ دیے گئے جملے پڑھوایئے۔ امّید ہے وہ یہ بھی پڑھ لیں گے۔ جملوں کی اچّھی طرح مشق کروایئے۔نقطوں پر پنسل پھروایئے اور دیکھ کر لفظ ''یہ'' لکھوایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر انھیں مختلف تصاویر اور لفظ | یہ | کا فلیش کارڈ دیں ''یہ'' اور تصاویر کیساتھ زبانی جملے بنانے کو کہیے جیسے کہ انھوں نے کتاب میں بنائے تھے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''یہ'' کے ساتھ کم از کم ۲ جملے لکھ کر لایئے۔

## صفحہ ۳۷ — لکھائی کے لیے مختلف نمونے

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- اردو تحری میں درست سمت کی نشان دہی کرسکیں۔ (سطر کا پہلا لفظ کون سا ہے؟ ایک سطر کے اختتام پر دوسری سطر کہاں سے شروع ہوگی؟)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۷
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر نمونہ بنایئے اور ان کے لکھنے کی سمت بتایئے اور یہ بھی بتایئے کہ جس نے یہ نمونے دُرست طریقے پر سیکھ لیے۔ ان بچّوں کو الفاظ لکھنے آسان ہوجائیں گے کیونکہ سمت الفاظ کے لکھنے کی طرف اور الفاظ کے شوشوں کو سیکھنے میں آسانی پیدا کرینگے۔

ہے لکھنا سکھاتے وقت سب سے پہلے سمت کی اس حرکت سے فائدہ اٹھایئے۔ ''ں'' پھر اس کے نیچے ایک کنڈا بنوایئے۔ں، ہے۔ یہ اور ہے کہ سیکھنے

سے اب چھوٹے اور مختصر جُملے لکھنے اور پڑھنے آسان ہوجائیں بچّوں سے جملہ پڑھوایئے یہ آم ہے۔ اس طرح کے چند اور جُملے بچّے خود بنائیں۔ اساتذہ ''ہے'' لکھنے کا چھوٹا سا گانا بچّوں کو یاد کروائیں۔ ں کا شوشا۔ پھر لگا اس کے نیچے ایک کُنڈا ہ کے شوشے سے آگے چلے اس میں ملائی بڑی ''ے''۔ اس گانے کو پکا یاد کروایئے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں کو کام شروع کرنے سے پہلے چند ہدایات دیجیے۔ وہ کس طرف سے شروع کریں گے۔ بچّوں کو بتایئے کہ وہ دائیں سے بائیں پنسل پھیریں گے۔ پہلے اساتذہ تختۂ تحریر پر یہ نمونہ بنا کر بچّوں کو اس طرف متوجہ کروائیں۔ جب بچّے کتاب میں لکھ رہیں ہوں اس دوران اساتذہ جماعت میں بچّوں کے پاس جاکر دیکھیں کوئی غلط سمت میں تو نہیں لکھ رہا۔ ہر نمونے کو پہلے تختۂ تحریر پر اچّھی طرح سمجھا کر پھر کتاب میں نقطوں میں دیے ہوئے نمونوں پر پنسل پھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- تختۂ تحریر پر لکھائی کے نمونے افقی اور عمودی لائنوں میں بنوایئے۔

## صفحہ ۳۸ — ارکان سازی ''و'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۸
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

### آمادگی

بچّوں کو بتایئے کہ اردو میں مختلف حُروف کو ملا کر الفاظ بنتے ہیں ان میں جس ''و'' سے ملانا بہت اہمیت رکھتا ہے۔ ''و'' کی آواز بطور مصوّتہ انگریزی کے ''O'' کے نام جیسی ہے۔ اب تختۂ تحریر پر حُروف تہجّی لکھیے۔ کوئی بھی ایک حرف ایک حرف لکھ کر اس کے ساتھ انگریزی کا O لکھیں پھر بچّوں

سے ان کی آواز نکالنے کو کہیں جیسے | ب | O | بو | ۔ پہلے الگ الگ آواز نکالیں پھر ملا کر نکالنے کی مشق کریں۔ یہ کام فلیش کارڈز کی مدد سے کروائیے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر | بو |، | پو |، | تو |، | ٹو |، | ثو | کے فلیش کارڈز دیں۔ اب بچّوں سے کہیں کہ وہ ان ارکان سے شروع ہونے والے الفاظ /چیزوں کے نام بتائیں۔ بچّے جو بھی بتائیں وہ آپ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ اچھی طرح مشق کروانے کے بعد کتاب کھلوائیے۔ اس صفحے پر ''و'' کے ساتھ ارکان سازی کے ارکان پڑھوائیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ نیچے دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔ اُمّید ہےمشق کرنے کے بعد بچّے آسانی سے الفاظ پڑھ لیں گے۔ اس طرح اور حُروف کے ساتھ بھی ارکان سازی اور الفاظ سازی کروائیے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ہر حرف کی پہچان کروائیے۔
- تصاویر دکھا کر حرف کی آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں | بو |، | پو |، | تو |، | ٹو |، | ثو | لکھوائیے۔

## صفحہ ۳۹ — ارکان سازی ''ی'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ ( کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- کاپی میں ''بو''، ''تو''،
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: | با | جا | باجا |، | جا | تا | جاتا | ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۹
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

### آمادگی

اب باری ہے ''ب'' خاندان کی ارکان سازی ''ی'' کے ساتھ۔ اس کو سکھانے کے لیے چھوٹی 'ی' کی آواز سکھانی ہے جو کہ انگریزی کے ''E'' کی آواز ہے۔

اب ''ب'' کے خاندان میں سے ایک ایک حرف لیجیے جیسے ''ب'' اس کی آواز کی مشق کروائیے۔ چھوٹی ''ی'' کی آواز ''E'' (ای) کی مشق کروائیے اب ان کو ملانے پر جو شکل بنے گی وہ | ب | E | = | بی | ہو گی اس شکل کی کاغذ اور تختۂ تحریر پر خوب مشق کروائیے۔ | ٮ | کا آدھا حصہ بنا کر چھوٹی | ی | کو جوڑ دیں۔ اسی طرح ''ب'' کے خاندان کا ہر حرف سکھائیے۔ یہ کام فلیش کارڈز کی مدد سے کروائیے۔

### سبق کی تدریس

بورڈ پر سکھانے اور سمجھانے کے بعد کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے زبانی کام کروائیے یعنی حروف کے ساتھ ''ی'' کی آواز نکلوائیے پڑھائیے کروانے کے بعد نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ بہت نگاہ رکھیے کہ لکھنے کی سمت درست ہو۔ اور اس بات کا بھی دھیان رکھوائیے کہ ہر نئی شکل کے ساتھ نقطوں کی تعداد دی گئی تعداد کے مطابق لکھی جائے گی۔ کسی کسی بچّے سے تختۂ تحریر پر بھی لکھوائیے تاکہ لکھنے کے طریقے کی نگرانی ہو سکے۔ صفحے کے آخر میں دیے گئے الفاظ کی بلند خوانی کروائیے۔بی بی، موتی ، روٹی ، آتی۔ ان الفاظ کے علاوہ بھی دوسرے حُروف کے ساتھ ''ی'' کی ارکان سازی اور الفاظ سازی کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ارکان کی پہچان کروائیے۔
- تصاویر دکھا کر حرف کی آواز پوچھیے۔

### گھر کا کام

- کاپی میں حروف ب، پ، ت، ٹ،ث ''ی'' کے ساتھ لکھوائیے۔

## صفحہ ۴۰ | ارکان سازی ''ے'' کے ساتھ ''ب'' کا خاندان

### مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: | با | جا | باجا |، | جا | تا | جاتا |۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۴۰
- حروف کے کٹ آؤٹس
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر "پہلے" "ا"، "و" اور "ی" کے کٹ آؤٹس لگائیے یا بڑا بڑا لکھیے۔ بچّے ان مصوّتوں کی آوازیں پڑھ چکے ہیں۔ ان کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ پھر انھیں بورڈ سے ہٹا کر وہاں "ے" کا کٹ آؤٹ لگائیے یا بڑا بڑا لکھیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ یہ "ے" ہے اور اس کی آواز "اے" ہے۔ آواز کی بار بار مشق کروائیے۔ اب "اے" کے ساتھ حُروف لکھیے جیسے [ب] [اے] آواز بتائیے [بے] اسی طرح کٹ آؤٹس/فلیش کارڈز کی مدد سے "ب" کے خاندان کے تمام حُروف کی آوازیں سکھائیے اور مشق کروائیے۔ بچّوں کو اس آواز کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے اور ان آوازوں والی چیزوں کے نام بتائیے/تصویریں دکھائیے اچھی طرح مشق کروائیے تاکہ بچّوں کے ذہن نشین ہو جائے۔

## سبق کی تدریس

[ب] اور [ے] کو ملانا سکھانے کے لیے۔ ایک بار پھر "ے" کی آواز سکھا کر اس کے نیچے ایک نقطہ لگوائیے۔ اور پھر ہر ب کی شکل کے مطابق نقطے یا لگوائیے۔ یہ مشق کتاب میں کروانے کے بعد ان حُروفِ تہجّی کے نقطے اور آواز سکھائیے جیسے ب کے نیچے ایک نقطہ "پ" کے نیچے تین نقطے "ت" کے اوپر دو نقطے "ٹ" کے اوپر ط "ث" کے اوپر تین نقطے۔ ان نقطوں کی مدد سے ان کی آوازیں کس طرح بدلتی ہیں۔ کتاب میں لکھوانے اور پڑھوانے کے بعد کاپی میں بھی مشق کروائیے۔ صفحے کے آخر میں دیے گئے الفاظ تصویروں کی مدد سے پڑھوائیے۔ فلیش کارڈ پر لکھ کر پڑھوائیے۔ اجتماعی اور انفرادی مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ارکان بنوائیے اور پڑھوائیے۔

## گھر کا کام

- گھر پر حروف (ب، پ، ت، ٹ، ث) "ے" کے ساتھ لکھوائیے۔

# صفحہ ۴۱ 

## مصوّتے ''ارکان سازی''

### ''ا و ی ے''، ''ب'' خاندان

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: با جا باجا، جا تا جاتا۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۱
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈ

### آمادگی

پہلے ان حُروف کے ساتھ ''ب'' کے خاندان اور الگ الگ حروف کے ساتھ سکھایا گیا تھا۔ اب انھی حُروف کو ''ا و ی ے'' کے ساتھ ملانا سکھایے۔ جس وقت بچّوں نے ا و ے کے ساتھ حُروف کو ملانا سیکھ لیا تو وہ تحریری کام کے لیے تیار ہو رہے ہیں اس صفحے پر دی گئی صوتیات پر توجّہ دلوایئے۔ آپ حُروف کہیں اور بچّے بتائیں کہ یہ کس حرف کی آواز پر ختم ہو رہا ہے مثلاً آپ کہیں با اور بچّوں سے پوچھیے یہاں ''ب'' کس حرف میں مل رہا ہے۔ جیسے اسی طرح صفحے پر دیئے ہوئے ہر حرف تہجّی کو پہلے زبانی کروایئے پھر لکھوایئے۔

### سبق کی تدریس

ان حُروف کو کاپی میں لکھوا کر مشق کروایئے۔ بچّوں کو کاپی میں لکھوایئے۔ صفحے کے اوپر با ۔ بو ۔ بی بے لکھیے اور بچّے کاپی میں نقل کریں۔منھ سے زور سے پڑھتے بھی جائیں۔مزید دل چسپی کے لیے آپ فلیش کارڈ پر حُروف لکھ کر دیجیے اور با کے ساتھ معنی خیز الفاظ بنوایئے جیسے با کے ساتھ ل کے ساتھ با لکھا تو لفظ بن گیا۔ بال اسی طرح متعدد الفاظ لکھوایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو ایک مصوّتے کا فلیش کارڈ دیں۔ ہر گروہ کو حروفِ تہجّی کے کارڈ بھی دیں اب جس گروہ کے پاس جو مصوّتہ ہے وہ اس سے ملا کر ارکان بنایئے۔

### گھر کا کام

- کتاب صفحہ ۴۱ پر دیے گئے ارکان پڑھ کر آیئے۔

صفحہ ۴۲

# ارکان سازی ''ج، د، ر'' خاندان

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: | با | | جا | باجا ، | جا | | تا | | جاتا | ۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُرُدو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۲
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈ

## آمادگی

پیچھے بتائے ہوئے طریقے سے آمادگی اور تدریس کے طریقے کو بروئے کار لا کر سکھائیے۔

''ج'' کا سر بنانے کے لیے ایک ترکیب سکھائیے | سات 7 | کا | ҫ | بنا کر | ں | الٹا | سی | | ح | اس طرح کی شکل درست بن سکے گی۔ چند دفعہ تختۂ تحریر پر لکھوا کر ہاتھ پھروائیے۔ ح ح ح ح ح

''ج'' کو اب ''ا'' سے ملانا سکھائیے۔ ج کا سر ҫ اور پھر اس کو اوپر لے گئے | جا | اور اس کے نیچے ایک نقطہ۔ اسی طرح مشق کروانے کے بعد ''چ، ح، خ'' کو بھی ''ا'' سے ملائیے اور منہ سے کہلواتے جائیے مشق کروائیے۔ | جا |، | چا |، | حا |، | خا |

اب دوسرا رکن ''و'' کے ساتھ بنانا ہے تو کہلوائیے | ҫ | کا سر اس کو آگے لے جا کر ملایا | و | سے یہ بن گیا | جو |۔

## تدریس

اب کتاب کا صفحہ کھلوائیے اور جا ۔ جو ۔ جی کی تدریس کے لیے اوپر دیے گئے طریقے کو استعمال کیجیے۔ پہلے ج کی آواز پوچھیے اور ''و'' اس کی آواز ہو گی۔ اب ان کو ملانا ہے تو یہ بن گیا ''جو''۔ اسی کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیے۔ اور پھر کاپی میں اس پورے صفحے کو آدھا آدھا ایک وقت میں کروائیے۔ اب | ج | کی آواز پوچھیے اور ''ی'' کی آواز ان کو ملانا ہے | ҫ | کے سر اس میں ملایا | ی | تو بن جائے گا۔ | جی | اس کی صوتیاتی لکھائی دونوں کی مشق زبانی اور تختۂ تحریر پر کروا کر سبق کو پکا کر دیجیے۔ اس کے بعد اب | ج | | ے | باری ہے اس کو بھی اسی طریقے پر سکھائیے۔ اب تک کے سکھائے حُروف کے ملانے کی مشق کاپی میں بھی کروائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ کچھ حُروف ملتے نہیں ہیں صرف ان کی آواز ملتی ہے۔ اسی طرح ''د'' خاندان اور ''ر'' خاندان کا بھی کام کروائیے۔ ان تمام حُروف کو یاد کروا دیں کہ یہ کسی حرف سے نہیں ملتے۔ کاپی میں بھی لکھوا کر مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو ایک مصوّتے کا فلیش کارڈ دیں۔ ہر گروہ کو حروفِ تہجّی کے کارڈ بھی دیں اب جس گروہ کے پاس جو مصوّتا ہے وہ اس سے ملا کر کسی بھی حروف کی آواز بنائے۔

## گھر کا کام

- کتاب صفحہ ۴۲ پر دیے گئے ارکان پڑھ کر آیئے۔

## صفحہ ۴۳۔۴۴ ارکان سازی ''س تا ی''

### مقاصد


- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: با جا ، باجا ، جا تا جاتا ۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کر سکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کر سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۴۔ ۴۳
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈ

### آمادگی

شوشوں کی مشق کے لیے ایک دفعہ بورڈ پر یہ نمونہ بنا کر اعادہ کروایئے۔



اور یاد بھی کروایئے کہ ان کو شوشے کہتے ہیں۔

''س'' لکھوانے کی مشق اعادے کی طور پر کروانے بعد حُروف سے جوڑنا سمجھایئے۔صوتیات پر زور دیجیے۔ پوچھیے ''س'' کی آواز کیسے نکلتی ہے اور ''ا'' کی آواز کیا ہے؟ اب ان دونوں کو ملانا ہے اسی طرح س ، و ، س ی اور س ے کو ملانا ہے۔ ہر حرف کی آواز پوچھیے۔

### سبق کی تدریس

س ا کو ملانا سکھایئے پہلے بورڈ پر خود لکھ کر دکھایئے اس کے بعد بچّوں سے لکھوایئے تاکہ اندازہ ہو کہ وہ درست طریقے پر لکھ رہے ہیں یا نہیں، سا ، سو ، سی ، سے کو اجتماعی بلند خوانی کے طور پر بورڈ پر سے پڑھوانے کے بعد اسی طرح ش کو ا کو ملانا متعارف کروایئے۔

آوازیں سکھانے کے بعد اور حرف پڑھوانے کے بعد کاپی میں لکھوایئے اگر بچّے بورڈ سے دیکھ کر کرسکتے ہیں تو بورڈ سے کروایئے ورنہ کاپی میں ایک ایک لفظ لکھ کر دیجیے۔ بچّے اس کو پڑھیں اور لکھیں۔

اب [ص ا] [ص و] [ص ی] [ص ے] کی باری ہے ان حُروف کو اور باقی حُروف کو اوپر بتائے ہوئے طریقے پر ملانا۔ پڑھنا اور لکھنا سکھایئے۔ فلیش کارڈ پر [سا] لکھ کر دیجیے اور دوسرے کارڈز پر مختلف اورقسم کے حُروف اور لفظ لکھ کر با معنی الفاظ بنانے کو کہتے ہیں جیسے

[سا] [ل] [سال]

[سو] [ڈا] [سوڈا]

[سا] [ری] [ساری]

[جا] [لے] [جالے] وغیرہ۔ ہر لفظ کے لکھنے کی مناسب مشق کروایئے۔

اسی طرح [ط] کی آواز سکھایئے [ط] میں [ے] ملایئے تو بن جائے گا [طے]، [طا]، [طو]، [طی]، [طے] پر حُروف کاپی میں تین تین دفعہ ملایئے۔ فلیش کارڈز پر لکھیے۔ لفظ بنوایئے طاقت۔ طوطا، طاق۔

باقی تمام حروف کو اسی طرح مصوّتوں سے ملوایئے اور اسی طرح مشق کروایئے

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو ایک مصوّتے کا فلیش کارڈ دیں۔ ہر گروہ کو حروفِ تہجّی کے کارڈ بھی دیں اب جس گروہ کے پاس جو مصوّتا ہے وہ اس سے ملا کر کسی بھی حروف کی آواز بنائے۔

## گھر کا کام

- کتاب صفحہ ۴۴۔ ۴۳ پر دیے گئے ارکان پڑھ کر آیئے۔

## صفحہ ۴۵ جملہ سازی ''یہ'' اور ''ہے'' کے ساتھ

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔ مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۵
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈ
- رنگین پنسلیں


## آمادگی

جماعت میں رکھی چیزوں کی طرف اشارہ کرکے بچّوں سے پوچھیے، ''یہ کیا ہے؟'' اگر بچّے یک لفظی جواب دیں تو منع کیجیے اور کہیے کہ پورا جملہ بولیں اور مثالی جملہ بول کر بتائیں جیسے : ''یہ کتاب ہے'' اب اسی طرح بہت ساری چیزوں کے بارے میں پوچھیے۔ اس طرح بچّے ''یہ'' اور ''ہے'' کہ استعمال کی مدد سے جملہ سازی کر پائیں گے۔

## سبق کی تدریس

پڑھائی کی مشق کے بعد کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے پیش گوئی کروایئے کہ وہ بتائیں کہ آج ہم اس صفحے پر کیا کام کریں گے؟ بچّوں سے جواب لیجیے۔ پھر کتاب میں دیے گئے جملے پڑھوایئے۔ یہ کام پچھلے صفحات پر دیے گئے کام کا اعادہ ہے۔ اس لیے امّید ہے کہ بچّے یہ کام آسانی سے کرلیں گے، پہلے جملے پڑھوایئے پھر نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ بچّوں کو مختلف الفاظ کے فلیش کارڈز دیجیے اور کاپی میں یہ اور ہے کے ساتھ جملہ لکھوایئے۔ ہر بچّہ کم سے کم پانچ جملے لکھے۔ مددگار الفاظ تختۂ تحریر پر بھی لکھے جاسکتے ہیں۔ آخر میں تصویر کے خاکے میں رنگ بھروایئے۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے، کتاب اور کاپی پرستارا چپکایئے یا بنایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- یہ ، وہ اور ہے کے فلیش کارڈز بنائیں۔کارڈز کو مختلف چیزوں کے ساتھ رکھ کر زبانی جملے بنوائیے۔ جیسے یہ  ہے ، وہ  ہے اسی طرح چیزیں بدل بدل کر جملے بنوائیے اور بچّوں سے کہلوائیے۔

## گھر کا کام

- ''یہ''، ''وہ'' اور ''ہے'' کی مدد سے دو جملے بنا کر لائیے۔

# جانچ

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- پنسل یا قلم پر پختہ گرفت رکھتے ہوئے افقی، عمودی اور لہریہ خطوط (Lines) اور پھر بہ تدریج دیگر خطوط مثلاً دائروں، ن صف دائروں اور بیضوی دائروں وغیرہ پر مبنی خاکے اور اشکال بناسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۶
- تصاویر (س-ض تک کے حروف سے شروع ہونے والی)
- تختۂ تحریر

## آمادگی

اس صفحے پر ''س'' سے ''ض'' تک کا اعادہ کیا جائے گا۔ تختۂ تحریر پر ''س، ش، ص، ض'' بڑا بڑا لکھیے ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بھی بنائیے یا لگائیے۔ بچّوں سے حُروف کی آوازیں پوچھیے اور یہ بھی پوچھیے کون سی تصویر کس حروف کے سامنے لگے گی۔ ایک سرگرمی کی طرح یہ پوری مشق کروائیے۔ کوشش کیجیے کہ جماعت کا ہر بچّہ اس میں حصّہ لے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۴۶ کھلوائیے۔ بچّوں سے پوچھیے انھیں کیا لگتا ہے کہ یہاں کیا کام کرنا ہے؟ امّید ہے وہ جھٹ سے بتا دیں گے۔ پھر بھی کام کو اچّھی طرح سے سمجھانے کے بعد انھیں خود سے کرنے دیجیے۔ امّید ہے وہ یہ کام بغیر کسی مدد کے کرلیں گے۔ پہلے زبانی طور پر حل کروالیں پھر ان سے کتاب میں کروائیں۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

# صفحہ ۴۷

# پیاری تتلی (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال، خوش آہنگی اور درستی تلفظ کے ساتھ سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لطف اندوزی سے سن کر تاثرات کے ساتھ دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کررہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۴۷
- تتلی کی تصویر
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تتلی کی ایک خوب صورت سی تصویر تختۂ تحریر پر لگائیے یا بنائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ امّید ہے سب ہی بچے بتاسکیں گے۔ بچّوں سے پوچھیے کس کس نے تتلی دیکھی ہے اور کہاں دیکھی ہے؟ یہ بھی پوچھیے کہ تتلی کس کس رنگ کی ہوتی ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں کھُلی جگہ ہے جہاں پودے لگے ہوں وہاں بچّوں کو لے جائیں شاید انھیں وہاں کوئی تتلی نظر آجائے۔ تتلی کے بارے میں بچّوں کو بتائیے کہ وہ کیسی ہوتی ہے؟ اس کو پکڑنا نہیں چاہیے۔ اس کے پر بہت نازک ہوتے ہیں اور پکڑنے سے ٹوٹ جاتے ہیں اور تتلی مر جاتی ہے۔ اس لیے تتلی کو پکڑنے کی کوشش نہ کریں اور دور سے دیکھ کر خوش ہوں۔

## سبق کی تدریس

ترنّم کے ساتھ یہ نظم پڑھیے۔ آواز کے اتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی حرکات سے بچّوں کے لیے دل چسپی پیدا کیجیے۔ پہلے خود بلند خوانی کیجیے بعد میں بچّوں سے اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- تتلی کا خاکہ کاغذ پر بنا کر بچّوں سے رنگ بھروائیے۔ بعد میں اس کو کاپی میں چپکوا دیجیے۔

## گھر کا کام

- نظم پیاری "تتلی" گھر سے پڑھ کر آئیں۔

صفحہ ۴۸ | ''و ، ی، ے'' سے ملایئے (ب، ج، چ)

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروفِ تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۸
- مصوّتوں کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

ا ، و ی ے کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ ہر مصوّتے کے ساتھ کسی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر حرف کے ساتھ مصوّتے کو ملا کر آواز پوچھیں۔ اچھّی طرح مشق کروائیں تاکہ بچّے سیکھ جائیں۔

## سبق کی تدریس

یہ کام پہلے سکھایا جاچکا ہے اس لیے اب بچّوں کو پہلے ایک ایک دفعہ تختۂ تحریر پر لکھ کر اعادہ کروا لیجیے اور پھر کتاب میں دیے ہوئے نقطوں پر پنسل پھیرنے کو کہیے۔ تصاویر دیکھ کر ان کے نام پڑھنے کے لیے کہیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے لیے کہیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں تقسیم کر کے ہر گروہ کو کسی ایک مصوّتے کا کارڈ دیجیے۔ اب ہر گروہ کو پانچ پانچ حروفِ تہجّی کے کارڈ بھی دیں۔ بچّے ان کو ملا کر آواز بنا کر سنائیں۔

## گھر کا کام

- و ی ے کے ساتھ حروف ملا کر ایک ایک لفظ بنا کر لائیں۔

# صفحہ ۴۹ ”و ، ی، ے“ سے ملایئے (ح، خ)

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۴۹
- مصوّتوں کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

”ا“، و ی ے کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ ہر مصوّتے کے ساتھ کسی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر بچّوں سے آواز پوچھیں۔ کئی دفعہ مشق کروائیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ ح اور خ کو ”و، ی، ے“ سے ملوا کر آواز سکھائیے۔ اب بچّوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔ نقطوں پر پنسل پھیریے، نیچے دیے ہوئے الفاظ پڑھوایئے اور اچھّی طرح مشق کریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں تقسیم کر کے ہر گروہ کو کسی ایک مصوّتے کا کارڈ دیجیے۔ اب ہر گروہ کو پانچ پانچ حروفِ تہجّی کے کارڈ بھی دیں۔ بچّے ان کو ملا کر آواز بنا کر سنائیں۔

## گھر کا کام

- ح اور خ کے دو دو الفاظ لکھ کر لایئے۔

## صفحہ ۵۰ — گنتی ۱۔ ۵ ہندسے اور الفاظ گنیے اور پنسل پھیریے

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۵۰
- تختۂ تحریر
- گنتی کے لیے اشیا

### آمادگی

کھیل کا تاثر دینے اور دل چسپی پیدا کرنے کے لیے بچّوں سے ہاتھ کی انگلیاں گنوائیں۔ ساری جماعت ٹیچر کے ساتھ ساتھ گنے۔ ۱ ۔ ۲ ۔ ۳ ۴ ۔ ۵۔ بچّوں سے پوچھیے ان کے ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہیں؟ جماعت میں پہلے سے کچھ چیزیں لا کر رکھیے جو بچّے گن سکیں۔ مثلاً ماربل کے ٹکڑے، پھول، پنسلیں، کاپیاں وغیرہ خوب اچّھی طرح مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ پہلے اُسے زبانی حل کروایئے۔ بچّے بلند آواز میں گنیں۔ تختۂ تحریر پر مشق کروایئے پھر کتاب میں گنتی پر پنسل پھروایئے۔ یہی کام کاپی میں تصویریں بنوا کر ان کے سامنے الفاظ میں گنتی لکھوایئے۔ تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- | ۱ | | ۲ | | ۳ | | ۴ | | ۵ | عددی اور لفظی گنتی کے فلیش کارڈ تیار کر کے دکھائیں۔ انگلیوں پر نمبر یاد کروا کر کاپی میں ہندسہ لکھنے کی مشق کروائیں۔ گنتی کے فلیش کارڈ الگ رکھیں۔ بچّوں سے سرگرمی کروایئے۔ ایک بچے کو بلایئے اور کہیے ۵ نمبر کا کارڈ نکال کر ساری جماعت کو دکھایئے۔ اگر ٹھیک ہو تو شاباشی دیجیے ورنہ یاد کروایئے۔ سب بچوں کو ۱ سے ۵ تک گنتی نمبر میں یاد کروایئے۔ کہیے کارڈ نکالو جس پر ۳ لکھا ہو۔ وہ کارڈ نکالو جس پر ۵ لکھا ہو۔ اس طرح نمبروں کی یاد پختہ ہو گی۔

### گھر کا کام

- کتاب سے دیکھ کر ۱ سے ۵ تک عددی اور لفظی گنتی لکھوایئے۔

## صفحہ ۵۱

# جانچ

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کے کھیلوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے حروف تہجّی کی آوازوں اور ناموں کی نشان دہی کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۵۱
- تختۂ تحریر
- ”ت“ سے ”ڈ“ تک حروفِ تہجّی سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر

### آمادگی

”ت“ سے لے کر ”ڈ“ تک کے حروف تہجی سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر تختہ تحریر پر لگائیے یا بنائیے۔ اب بچوں سے پوچھیے کہ وہ تصویریں کن حروف سے شروع ہوتی ہیں۔ بچے بتائیں تو آپ بورڈ پر لکھتے جائیں۔

ت، ٹ ، ث، ج ،چ،ح، خ د اور ڈ کے کٹ آؤٹس بورڈ پر لگائیے۔ بچوں سے پڑھوائیے۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ ان حروف سے کن کن چیزوں کے نام آتے ہیں؟ ہر بچّے سے جواب لیجیے۔

### سبق کی تدریس

اچھی طرح مشق کروانے کے بعد کتاب کھلوائیے۔صفحہ ۵۱ پر دیئے ہوئے حروف تہجی پڑھوائیے۔ تصاویر کے نیچے اس کی شروع کی آواز کا حروفِ تہجّی لکھیے۔ پہلے یہ کام زبانی طور پر کیجیے۔ پھر کتاب میں کروائیے۔ جو بچّے اچّھا کام کریں ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## صفحہ ۵۲

# اپنی باری پر

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- بڑوں اور ہم عمر ساتھیوں سے اپنے احساسات و تجربات پر نسبتاً طویل جملوں میں بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۵۲

### آمادگی

پہلے تو بچّوں کو اس عنوان کا مطلب اور فائدہ سمجھایئے کہ اس کا مطلب کیا ہے۔ بچّوں کو بتایئے کہ اتنے سارے بچّے جماعت میں ہوتے ہیں اور ہر ایک کو ایک ہی وقت میں ایک ہی کام کرنا ہوتا ہے اگرسب اکھٹے اس کام کو کرنے کی کوشش کریں تو عجیب ہنگامہ ہوجائے گا۔ اس لیے بچّوں کو لائن میں کھڑا کیا جاتا ہے کہ وہ ایک کے بعد ایک اپنے نمبر پر اس کام کے لیے آگے بڑھیں۔ نہ کسی کو دھکا لگے اور نہ کسی طرح کی لڑائی، سکون اور اطمینان سے ہر ایک اپنی باری پر کام کر سکے۔مثلاً: جماعت میں اگر کوئی سوال کیا جائے اور ہر بچہ ایک ساتھ بولنے لگے تو ایک عجیب ہنگامہ برپا ہو جائے گا۔ اور کوئی کچھ بھی نہ سیکھ سکے گا۔ اس لیے جماعت میں اپنی باری آنے پر بات کیجیے۔

جب آپ کو آدھی چھٹی ملتی ہے تو کینٹین پر اگرسب ساتھ چلے جائیں تو کسی کو بھی کچھ نہ مل سکے گا۔لڑائی، ہنگامہ شروع ہو جائے گا اس لیے لائن بنا کر کھڑے ہوں اورسکون سے آگے بڑھیے اپنی باری پر جو خریدنا ہو خرید کر آگے بڑھ جائیں اس طرح بغیر کسی پریشانی اور بدنظمی کے ہر ایک کوموقع مل جائے گا۔

اسکولوں اور باغوں وغیرہ میں جھولا جھولنے پر بچّوں کی بڑی لڑائی ہوتی ہے۔ اس چیز سے بچّے کے لیے یہاں بھی بچّے باری سے کھڑے کیے جائیں اور اپنی باری پر آگے بڑھتے جائیں تاکہ ہنگامہ ہوئے بغیر سب کو کھیلنے کا موقع مل جائے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے کا موقع دیجیے، پھر اُن سے پُوچھیے کہ وہ ان سے کیا سمجھے ہیں؟ نظم و ضبط کے حوالے سے باری کی اہمیت کے بارے میں بات کیجیے انھیں یہ بھی بتایئے کسی بھی کھیل میں یا سرگرمی کرنے سے پہلے اپنی حفاظت کے اصول بنانے اور ان پرعمل کرنا کتنا ضروری ہے۔ باری کا خیال کہاں کہاں رکھنا چاہیے؟ اس پر بات چیت کیجیے، پُوچھیے اور بتایئے۔ جُملے پڑھ کر سنایئے اور بچّوں سے بھی پڑھوایئے۔

### سرگرمیاں(تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو کتاب کے صفحے کی طرح مثالی صورتحال دیجیے۔ جیسے گروہ ۱ کو جماعت کا منظر، گروہ ۲ کو کینٹین کا۔ گروہ ۳ کو جھولا جھولنے پر، گروہ ۴ کو بھی کوئی صورتحال دیجیے اور ان سے کہیے کہ وہاں وہ اپنی اپنی باری سے کیسے کام کریں گے۔

### گھر کا کام

- آج کے سبق کے بارے میں امّی ابّو کو بتایئے۔

# صفحہ ۵۳ — جملہ سازی ''یہ''، ''وہ'' اور ''ہے'' کے ساتھ

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اور موزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۵۳
- ''یہ'' اور ''وہ'' کی نشان دہی کرنے کے لیے مختلف اشیا
- فلیش کارڈز


## آمادگی

بچّوں سے سوالات پوچھیے جیسے کہ ان کے قریب رکھی ہوئی کسی چیز کی طرف اشارہ کرکے پوچھیے، ''یہ کیا ہے؟'' بچّے یقیناً جواب دیں گے ''یہ پنسل ہے''۔ اسی طرح دُور رکھی ہوئی کسی چیز کی طرف اشارہ کرکے پوچھیے ''وہ کیا ہے؟'' بچّے جواب دیں گے۔ ''وہ کھڑکی ہے۔'' اس طرح کے سوال جواب سے وہ ''یہ'' اور ''وہ'' کا مطلب سمجھ جائیں گے یعنی ''یہ'' کسی قریب رکھی چیز کے لیے جب کہ ''وہ'' کسی دُور رکھی ہوئی چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ان الفاظ کے استعمال کے ساتھ ساتھ وہ پورے جملے میں جواب دینا بھی سیکھ جائیں گے۔ جماعت میں رکھی مختلف چیزوں کے ساتھ خوب اچّھی طرح یہ مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

صفحہ کھلوا کر بچّوں سے کہیے صفحے کو غور سے دیکھیں کہ یہاں کیا کرنا ہے۔ بچّوں کے جوابات لیں پھر انھیں بتائیے کہ یہاں ذخیرۂ الفاظ استعمال کرتے ہوئے تصویر پہچان کر اس کا نام لکھنا ہے۔ ساتھ ہی اشارے کے لیے لفظ ''وہ'' بھی متعارف کروایا جارہا ہے۔ بچّوں کو بتائیے کہ قریب موجود چیزوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے لفظ ''یہ'' استعمال کرتے ہیں، جب کہ دُور یا غیر موجود چیزوں کے لیے ''وہ'' کہا جاتا ہے۔ خالی جگہوں میں دُرست الفاظ لکھوائیے۔ پہلے یہ کام زبانی کروائیے پھر دیے ہوئے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کام کروائیے۔ بچّے یہ کام باآسانی کرلیں گے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- [یہ]، [وہ] اور [ہے] کے فلیش کارڈز بنائیں۔کارڈز کو مختلف چیزوں کے ساتھ رکھ کر زبانی جملے بنوائیے۔ جیسے [یہ]  [ہے]، [وہ]  [ہے] اسی طرح چیزیں بدل بدل کر جملے بنوائیے اور بچّوں سے کہلوائیے۔

## گھر کا کام

- ''یہ''، ''وہ'' اور ''ہے'' کی مدد سے دو جملے بنا کر لائیے۔

# بارش (نظم)

صفحہ ۵۴

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال، خوش آہنگی اور درستی تلفظ کے ساتھ سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لطف اندوزی سے سن کر تاثرات کے ساتھ دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۵۴
- چھتری (اصلی یا کاغذ پر بنی تصویر)
- تختۂ تحریر

## آمادگی

جماعت میں چھتری دکھایئے اور بچّوں سے پوچھیے چھتری دیکھتے ہی کیا خیال آتا ہے بچّے یقیناً بارش کا نام لیں گے۔ بارش کے بارے میں گفتگو کیجیے۔کس طرح بادل گھِر کر آتے ہیں؟ گھٹا کسے کہتے ہیں؟ بارش والے بادلوں کے رنگ کس کس طرح کے ہوتے ہیں؟ بغیر پانی کے بادل سفید ہوتے ہیں پانی بھرے ہوئے بادل بھورے اور کالے ہوتے ہیں۔ آسمان پر بارش کے بادل چھا جاتے ہیں تو اندھیرا ہوجاتا ہے سورج چھپ جاتا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ ابر ہوگیا ہے۔ بارش کو لانے والے بادل ہی ہوتے ہیں جن میں اگر پانی زیادہ ہو تو تیز بارش ہوتی ہے اور اگر پانی کم ہو تو ہلکی بارش ہوتی ہے۔ بارش کےموسم کے بارے میں بچّوں کی رائے بھی جانیے کہ بارش کا موسم انھیں کیسا لگتا ہے؟ اور اس موسم میں انھیں کیا کرنا پسند ہے۔تیز بارش کوموسلا دھار اور ہلکی بارش کو بوندا باندی یا پھوار کہتے ہیں۔ بارش آتے ہی اور بادل چھاتے ہی سب کا موڈ بدل جاتا ہے اور کھیل کود اور شرارت شروع ہوجاتی ہے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کرنظم بارش کا صفحہ دیکھنے کو کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے۔ اب نظم پڑھ کر سنایئے۔نظم پڑھنے کا انداز دل چسپ ہونا چاہیے۔ بچّوں کے ساتھ مل کر پڑھیے۔ دو تین دفعہ دہرایئے تاکہ ذہن نشین ہوجائے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- جماعت میں گروہ بنا کر بات چیت کروایئے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو بتائیں کہ جب بارش ہوتی ہے تو ان کا کیا کرنے کا دل چاہتا ہے؟ اور امّی کس بات پر ڈانٹتی ہیں؟

## گھر کا کام

- گھر سےنظم بارش پڑھ کر آیئے۔

# صفحہ ۵۵

## ’’ہے‘‘ اور ’’ہیں‘‘

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ ( کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- اردو تحریر میں درست سمت کی نشان دہی کرسکیں۔ (سطر کا پہلا لفظ کون سا ہے؟ ایک سطر کے اختتام پر دوسری سطر کہاں سے شروع ہوگی؟)
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: [با] [جا] [باجا] ، [جا] [تا] [جاتا] ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’کے جی‘‘ صفحہ نمبر ۵۵
- سرگرمی کرنے کے لیے مختلف اشیا
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر


### آمادگی

جماعت میں سے ایک کتاب اٹھایئے اور کہیے یہ ایک کتاب ہے لفظ ہے۔ پھر تین، یا چار کتابیں اٹھایئے اور کہیے یہ کتابیں ہیں۔ اسی طرح پہلے خود کچھ اور اشیا کے ساتھ یہی عمل دہرائیں۔ پھر بچّوں سے کرنے کے لیے کہیں وہ اپنے پاس موجود چیزوں کی مدد سے کریں جیسے پنسل، کاپی یا کتاب۔ اب دونوں جملوں میں فرق پوچھیں انھیں شناخت کروائیں کہ ایک کتاب کے ساتھ جملہ میں ’’ہے‘‘ آیا اور زیادہ کتابوں یا چیزوں کے ساتھ جملے میں ’’ہیں‘‘ آیا۔ لفظ [ہے] اور [ہیں] کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں اور کسی بھی چیز کے ساتھ لگا کر جملہ مکمل کروایئے۔ آدھا جملہ آپ بولیں باقی وہ آخری لفظ لگا کر مکمل کریں۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

طلبہ کو ’’ہے‘‘ سکھانے کے بعد اب ’’ہیں‘‘ لکھنا اور اس کا برمحل استعمال کرنا سکھانا ہے۔ گزشتہ صفحات پر ’’س‘‘ اور ’’ش‘‘ لکھوایا گیا ہے ، اسی کی مدد سے طلبہ کو ’’ہیں‘‘ لکھنا سکھایا جارہا ہے۔نقطوں پر پنسل پھیر کر لکھنے کی مشق کروایئے۔مثالوں کی مدد سے سکھایئے کہ واحدیعنی ایک چیز کے لیے ’’ہے‘‘ اور ایک سے زیادہ کے لیے ’’ہیں‘‘ بولا جاتا ہے۔

### سرگرمیاں(تجاویز)

- [یہ] ، [وہ] اور [ہے] کے فلیش کارڈز بنائیں۔کارڈز کو مختلف چیزوں کے ساتھ رکھ کر زبانی جملے بنوایئے۔ جیسے [یہ]  [ہے] ، [وہ]  [ہے] اسی طرح چیزیں بدل بدل کر جملے بنوایئے اور بچّوں سے کہلوایئے۔

### گھر کا کام

- ’’ہے‘‘ اور ’’ہیں‘‘ کو ساتھ لگا کر جملے بنا کر لایئے۔

# صفحہ ۵۶

# پرندوں کے نام

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- پنسل یا قلم پر پختہ گرفت رکھتے ہوئے افقی، عمودی اور لہریہ خطوط (Lines) اور پھر بہ تدریج دیگر خطوط مثلاً دائروں، ن صف دائروں اور بیضوی دائروں وغیرہ پر مبنی خاکے اور اشکال بناسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۵۶
- پرندوں کی تصاویر
- پرندوں کے ناموں کے فلیش کارڈز

## آمادگی

ممکن ہو تو پہلے سے مختلف پرندوں کی تصاویر جماعت میں لاکر رکھیے اور تختۂ تحریر / تختۂ نرم پر لگا دیجیے۔ بچّوں کو تصاویر دکھا کر پوچھیے کہ کیا ہیں؟ یہ کیا کرتے ہیں؟ کیسے اڑتے ہیں؟ کیسے بولتے ہیں؟ یہ بھی پوچھیے کہ کیا کسی کے گھر میں کوئی پرندہ ہے؟ کون سا ہے؟ کیسا ہے؟ وہ کیا کھاتا ہے؟ وہ اس کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر ان میں بنے ہوئے پرندوں کے نام پوچھیے۔ ممکن ہے بچّے کچھ نہ بتا پائیں تو آپ بتائیں پھر درست ناموں سے ملانے کا کام کروائیں۔ کتاب کے صفحے کے آخر میں جو ہدایات دی گئی ہے ان کو پڑھ کر دیا ہوا کام بھی کروایئے۔ بچّوں کو چند ایسے پرندوں کی تصویریں دکھایئے۔ اور نام بتایئے جو کتاب میں نہیں دیے گئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- پرندوں کی تصویریں (جو کتاب میں دی گئی ہیں) اور ان کے نام کے بہت سے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں اور ان سے کہیں کہ کتاب میں دی گئی تصویریں اور اان کے نام کے فلیش کارڈز ڈھونڈ کر نکالیں۔

## گھر کا کام

- کچھ پرندوں کے نام امّی یا ابّو کو بتایئے۔ ان کی آوازیں بھی بتایئے۔

# تصویر کے نام کا پہلا حرف لکھیے (جانچ)

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- کسی لفظ کی ابتدائی، درمیانی اور آخری آوازیں پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''تربوز'' میں آواز/ت/ لفظ''خرگوش'' میں آواز/ش/ اور ''برف'' میں آواز/ر/۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۵۷
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- حروف کی آواز والی اشیا

## آمادگی

''ج'' سے لے کر ''ن'' تک کے حروفِ تہجّی کا اعادہ کروایئے۔ تختۂ تحریر پر لکھیے ان کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ ان حروفِ تہجّی سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ کوشش کیجیے اس سرگرمی میں تمام بچّے حصّہ لیں؛ یہ ایک زبانی مشق ہوگی۔ اچّھی طرح مشق کروایئے تاکہ تمام حروف کی آواز اور اشیا ذہن میں تازہ ہوجائیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر بچّوں سے پوچھیے کہ وہ یہاں کیا کام کریں گے۔ بچّے یقیناً سمجھ جائیں گے کیونکہ وہ یہ کام پہلے کرچکے ہیں۔ یہ صفحہ زبانی حل کروایئے پھر بچّوں کو خود سے یہ کام کرنے دیجیے۔ وہ تصویر دیکھ کر شروع کا درست حروف خود سے لکھیں۔

## صفحہ ۵۸ — ”ا، و، ی، ے“ سے ملائیے (ط، ظ)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: | با | | جا | ، | باجا | ، | جا | | تا | | جاتا | ۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۵۸
- فلیش کارڈز (ا و ی ے)
- تختۂ تحریر

### آمادگی

”ا، و، ی، ے“ کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ ہر مصوّتے کے ساتھ کسی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر اس سے بننے والی آواز بچّوں سے پوچھیں۔ اسی طرح حروف بدل بدل کر کئی دفعہ مشق کروائیں۔

### سبق کی تدریس

یہ کام پہلے سکھایا جاچکا ہے اس لیے اب بچّوں کو پہلے ایک ایک دفعہ تختۂ تحریر پر لکھوا کر اعادہ کروا لیجیے۔ کتاب میں دیے ہوئے حروف کو ”ا، و، ی، ے“ سے ملا کر آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ پھر کتاب میں دیے ہوئے نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھیرنے کو کہیے۔ ہدایت دیجیے کہ بچّے لکھتے وقت بھی درست آواز دہراتے رہیں۔ جیسے | ط | | ا | | طا | ، | ط | | و | | طو | ، | ط | | ی | | طی | اور | ط | | ے | | طے | ۔ دھیان رہے کہ آواز کو دہرانا ہے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہوں میں کام کرتے ہوئے تمام جماعت بلند آواز میں ”ط“ اور ”ظ“ کو ”ا، و، ی، ے“ کے ساتھ ملا کر پڑھے۔ ”ط“ اور ”ظ“ کو جس مصوّتے (ا و ی ے) کے ساتھ ملا کر پڑھے اس کا فلیش کارڈز نمایاں کرکے دکھائیے۔

### گھر کا کام

- ”ط“ اور ”ظ“ کو ”ا، و، ی، ے“ کے ساتھ ملا کر لکھوائیے دو دو دفعہ۔

# صفحہ ۵۹ 

## ''ا، و، ی، ے'' سے ملائیے (ع، غ)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: | با | جا | باجا، | جا | تا | جاتا |۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کر سکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کر سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۵۹
- فلیش کارڈز (ا و ی ے)
- تختۂ تحریر

### آمادگی

''ا''، و ی ے کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوّتوں کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ حروفِ تہجّی کی آوازوں کا بھی اعادہ کروائیے۔ اب ہر مصوّتے کے ساتھ کسی بھی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر بچّوں سے اس کی آواز پوچھیں۔ حروف بدل بدل کر آوازیں سنیے۔

### سبق کی تدریس

یہ کام پہلے سکھایا جاچکا ہے اس لیے اب بچّوں کو پہلے ایک ایک دفعہ تختۂ تحریر پر لکھوا کر اعادہ کروا لیجیے۔ کتاب میں دیے ہوئے حروف کو ''ا، و، ی، ے'' سے ملا کر آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ پھر کتاب میں دیے ہوئے نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھیرنے کو کہیے۔ ہدایت دیجیے کہ بچّے لکھتے وقت بھی درست آواز دہراتے رہیں۔ جیسے | ع | ا | عا، | ع | و | عو، | ع | ی | عی | اور | ع | ے | عے |۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہوں میں کام کرتے ہوئے تمام جماعت بلند آواز میں ''ع'' اور ''غ'' کو ''ا، و، ی، ے'' کے ساتھ ملا کر پڑھے۔ ''ع'' اور ''غ'' کو جس مصوّتے (ا و ی ے) کے ساتھ ملا کر پڑھے اس کا فلیش کارڈز نمایاں کرکے دکھائیے۔ مثلاً ''ع'' کو ''ا'' کے ساتھ پڑھیں تو | ا | کا کارڈ نمایاں کرکے دکھائیں اور پھر ''ع'' کو ''و'' سے تو | و | کا کارڈ دکھائی۔

### گھر کا کام

- ''ع'' اور ''غ'' کو ''ا، و، ی، ے'' کے ساتھ ملا کر لکھوائیے دو دو دفعہ۔

## صفحہ ۶۰ حُروف کو درست ارکان سے ملائیے (جانچ)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کی آوازیں ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً: /ب/+/ا/= با۔/اَ/+/ ب/=اب۔/ج/+/ا/=جا
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- پنسل یا قلم پر پختہ گرفت رکھتے ہوئے افقی، عمودی اور لہریہ خطوط (Lines) اور پھر بہ تدریج دیگر خطوط مثلاً دائروں، ن صف دائروں اور بیضوی دائروں وغیرہ پر مبنی خاکے اور اشکال بنا سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۶۰
- تختۂ تحریر

### آمادگی

اساتذہ صفحے پر دیے ہوئے چند الفاظ کو تختۂ تحریر پر لکھ کر بچّوں سے پڑھوائیں اور پھر علیحدہ لکھے ہوئے الفاظ کو انکے ملے ہوئے الفاظ سے ملائیں جیسے کہ کتاب میں مثال دی گئی ہے۔ صفحے کی جانچ زبانی حل کروانے کے بعد بچّوں کو کتاب میں مکمل کرنے کی ہدایت دیں۔

### سبق کی تدریس

بچّوں کو یہ کام خود سے کرنے دیں۔ کام کے دوران نگرانی کرتے رہیے۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## صفحہ ۶۱ ”ا، و، ی، ے“ سے ملائیے (ف،ق)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۶۱
- فلیش کارڈز (ا و ی ے)
- تختۂ تحریر

### آمادگی

"ا"، و ی ے کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ ہر مصوّتے کے ساتھ کسی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر بچّوں سے آواز پوچھیں۔ کئی دفعہ مشق کروائیں۔ یہ کام مصوّتوں اور حروف کو تختۂ تحریر پر لکھ کر بھی کروایا جاسکتا ہے۔

### سبق کی تدریس

یہ کام پہلے سکھایا جاچکا ہے اس لیے اب بچّوں کو پہلے ایک ایک دفعہ تختۂ تحریر پر لکھوا کر اعادہ کروا لیجیے۔ کتاب میں دیے ہوئے حروف کو "ا، و، ی، ے" سے ملا کر آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ پھر کتاب میں دیے ہوئے نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھیرنے کو کہیے۔ ہدایت دیجیے کہ بچّے لکھتے وقت بھی درست آواز دہراتے رہیں۔ جیسے ف ا فا، ف و فو، ف ی فی اور ف ے فے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہوں میں کام کرتے ہوئے تمام جماعت بلند آواز میں "ف" اور "ق" کو "ا، و، ی، ے" کے ساتھ ملا کر پڑھے۔ "ف" اور "ق" کو جس مصوّتے (ا و ی ے) کے ساتھ ملا کر پڑھیں اس کا فلیش کارڈز نمایاں کر کے دکھائیے۔

### گھر کا کام

- "ف" اور "ق" کو "ا، و، ی، ے" کے ساتھ ملا کر لکھوائیے دو دو دفعہ۔

## صفحہ ۶۲ — سمندر کی سیر

### مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔ مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۶۲
- ساحلِ سمندر کی تصاویر
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ساحلِ سمندر کی تصاویر لگائیے۔ بچّوں کو بلا کر تصاویر دکھائیے اور صرف یہ پوچھیے کہ یہ تصاویر کہاں کی ہیں؟ بچّے یقیناً کہیں گے کہ سمندر۔ بچّوں سے سمندر کی سیر کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ پوچھیے آپ میں سے کون کون سمندر کی سیر کو گیا ہے؟ کس کس کو سمندر کی سیر پر جانا اچھا لگتا ہے؟ وہاں کی کیا بات سب سے زیادہ اچّھی لگتی ہے؟ بات چیت کے بعد کتاب کی طرف آیئے۔ صفحہ ۶۲ کھلوایئے اور تصویریں دیکھنے کے لیے کہیے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں کو تصویریں دیکھنے کے لیے وقت دیجیے۔ جب دیکھ لیں تو سوالات پوچھیے۔

- تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟
- تصویر میں کتنے لوگ ہیں؟
- یہ کون کون ہیں؟
- وہ کس چیز پہ بیٹھے ہیں؟
- کھیلنے کے لیے پاس کیا رکھا ہے؟
- ابّو کے ہاتھ میں کیا ہے؟
- دوسری تصویر میں بچّے کر رہے ہیں؟
- تیسری تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟
- بچّے خوش ہیں یا نہیں؟
- جب آپ کہیں سیر کرنے جاتے ہیں تو کیا کرتے ہیں؟
- سیر پر جائیں تو وہاں کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر انھیں کوئی ایک جگہ دیں جہاں وہ سیر کرنے جائیں۔مثلاً گروہ ۱: سمندر، گروہ ۲: آموں کا باغ، گروہ ۳: پارک(جھولے والا) گروہ ۴: چڑیا گھر، اب پکنک کا رول پلے کروایئے کہ بچّے فرضی پکنک منائیں اور یہ بتائیں کہ اس جگہ پکنک پر جا کر کیا کریں گے۔

## گھر کا کام

- امّی ابّو کو کتاب کی تصویریں دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ انھیں ساحل سمندر پر جانا کیسا لگتا ہے؟

# اچھّی باتیں

صفحہ ۶۳

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- دوسروں کے مختلف خیالات توجّہ سے سن کر مناسب جواب دے سکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اور موزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۶۳
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے اچھّی بات کیا ہوتی ہے؟ اور بُری بات کیا ہوتی ہے؟ بچّوں کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھیے۔ بچّوں سے یہ بھی پوچھیے کہ کیسے بچّوں کو پسند کیا جاتا ہے یا کون سے بچّے ہوتے ہیں جن سے سب خوش ہوتے ہیں اور شاباش دیتے ہیں اور کون سے بچّے جن کو ڈانٹ پڑتی ہے۔

بچّوں سے پوچھیے جب ہم کسی سے ملتے ہیں تو کیا کرتے ہیں؟ یا کسی بڑے کو دیکھ کر کیا کرتے ہیں۔ کھانا کھانے سے پہلے کیا کرنا ضروری ہے؟ اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو کیا کرنا چاہیے۔ اگر کوئی آپ کو تحفہ دے یا آپ کی مدد کرے تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟ بچّے جو جواب دیں اس کو تختۂ تحریر پر لکھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۶۳ کھلوائیے۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے کا موقع دیجیے۔ اس کے بعد انفرادی بلند خوانی کروائیے۔ کتاب میں لکھے الفاظ کے فلیش کارڈز بنا کر بچّوں کو پڑھنے کے لیے دیجیے اور کارڈ شیٹ پر لکھ کر جماعت میں نمایاں جگہ پر آویزاں کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

اچھّی باتوں کے فلیش کارڈز پڑھیے۔ ان کی مدد سے رول پلے کروائیے۔

## گھر کا کام

- شکریہ کا کارڈ بنا کر اپنی امّی یا ابّو کو دیجیے۔

صفحہ ٦٤

# صاف رہیں، تندرست رہیں

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- دوسروں کے مختلف خیالات توجّہ سے سن کر مناسب جواب دے سکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اورموزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## درکار اشیا

- اُرُدو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ٦٤
- تختۂ تحریر
- سنہری ستارا
- ذاتی صفائی سے متعلق اشیا کی تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ٹوتھ پیسٹ، ٹوتھ برش، صابن، پانی، نیل کٹر، شیمپو وغیرہ کی تصاویر لگائیے یا ان چیزوں کو جماعت میں کسی میز پر رکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے ان چیزوں سے ہم کیا کرتے ہیں؟ بچّے یقیناً جواب دیں گے کہ صفائی کرتے ہیں یا نہاتے ہیں، ہاتھ دھوتے ہیں دانت صاف کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اب بچّوں سے پوچھیے کہ ہمیں صاف کیوں رہنا چاہیے؟ ہر بچّے سے اس کا جواب سُنیے۔ جوابات کو تختۂ تحریر پر لکھیے۔ اب پوچھیے کہ ہمیں صاف رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے یا ہم کیسے صاف رہ سکتے ہیں؟ اس کا جواب بھی سب بچّوں سے لیجیے۔ یہ ایک طرح کی گفتگو ہے جس میں آپ کا حصّہ لینا اور اپنی رائے کا اظہار کرنا بھی ضروری ہے۔سبق شروع کرنے سے پہلے آپ بتائیے کہ صاف کس طرح اور کیوں رہنا چاہیے اور آپ اپنی صفائی کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔

## سبق کی تدریس

پہلے بچّوں کوصفحہ ٦٤ پرموجودسبق کی تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے، پوچھیے کہ تصاویر میں کیا ہورہا ہے؟ بتانے کا موقع دیجیے۔سبق کی بلندخوانی کیجیے۔ بیچ میں رُک رُک کر آپ سوالات پوچھیے۔سبق کے آخر میں دیا گیا سوال پوچھیے اور ہر بچّے کا جواب سُنیے۔ جو بچّے اپنی صفائی کا خیال رکھتے ہیں ان کو ایک سُنہری ستارہ بنا کر دیجیے۔ ان کے یونیفارم پر چسپاں کیجیے۔سبق کو کئی دفعہ پڑھ کر سنائیے، بچّوں سے بھی کوشش کروائیے۔ دیکھیے کیا وہ سُن کر الفاظ کی پہچان کرسکتے ہیں یا نہیں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں کنگھا کرنے یا ہاتھ دھونے کی سرگرمی کروایئے۔ہاتھ دھونے کی سرگرمی اسکول میں ہاتھ دھونے کی جگہ بچّوں کو لے جا کر بھی کروائی جاسکتی ہے۔

### گھر کا کام

- کتاب سے سبق ''صاف رہیں، تندرست ہیں'' گھر سے پڑھ کر آیئے۔

## صفحہ ۶۵ — ''ا، و، ی، ے'' سے ملایئے (ک، گ)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۶۵
- فلیش کارڈز (ا و ی ے)
- تختۂ تحریر

### آمادگی

''ا''، و ی ے کے فلیش کارڈز تختۂ تحریر پر لگا کر مصوتوں کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ ہر مصوّتے کے ساتھ کسی حرف کا کارڈ لگائیں اور پھر بچّوں سے آواز پوچھیں۔ کئی دفعہ مشق کروائیں۔ اس طرح بچّوں کو یہ آوازیں ذہن نشین ہوجائیں گی۔

### سبق کی تدریس

یہ کام پہلے سکھایا جاچکا ہے اس لیے اب بچّوں کو پہلے ایک ایک دفعہ تختۂ تحریر پر لکھوا کر اعادہ کروا لیجیے۔ کتاب میں دیے ہوئے حروف کو ''ا، و، ی، ے'' سے ملا کر آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ پھر کتاب میں دیے ہوئے نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھیرنے کو کہیے۔ ہدایت دیجیے کہ بچّے لکھتے وقت بھی درست آواز دہراتے رہیں۔ جیسے [ک] [ا] [کا]، [ک] [و] [کو]، [ک] [ی] [کی] اور [ک] [ے] [کے]۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہوں میں کام کرتے ہوئے تمام جماعت بلند آواز میں ''ک'' اور ''گ'' کو ''ا، و، ی، ے'' کے ساتھ ملا کر پڑھے۔ ''ک'' اور ''گ'' کو جس مصوّتے (ا و ی ے) کے ساتھ ملا کر پڑھے اس کا فلیش کارڈز نمایاں کر کے دکھایئے۔

## گھر کا کام

- ''ک'' اور ''گ'' کو ''ا، و، ی، ے'' کے ساتھ ملا کر لکھوایئے دو دو دفعہ۔

## صفحہ ٦٦ — جملہ سازی ''یہ، وہ، ہے''

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کر سکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- فلیش کارڈز کے ذریعے ارکان ملا کر لفظ پڑھ سکیں۔ مثلاً: [با] [جا] [باجا]، [جا] [تا] [جاتا]۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اور موزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ٦٦
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

[یہ] اور [ہے] کی مدد سے جملے بنانے کا کام بچّے پہلے کر چکے ہیں۔ اس کا اعادہ کروایئے۔ اب نیا کام یہ ہے کہ قریب اور دُور کو سمجھتے ہوئے [یہ] اور [وہ] کی مدد سے جملے بنائیں۔ پہلے کی ہی طرح کچھ ایسی چیزوں کی طرف اشارہ کر کے سوال پوچھیے: یہ کیا ہے؟ بچّے جواب دیں ''یہ کتاب ہے''۔ اب کسی دُور رکھی ہوئی کسی چیز کی طرف اشارہ کیجیے اور پوچھیے: وہ کیا ہے؟ بچّے جواب دیں گے: وہ کھڑکی ہے۔ اسی طرح اس سوالات پوچھیے جن سے [یہ] اور [وہ] کا فرق اور قریب اور دُور سمجھ سکیں۔ بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ مکمل جملے میں جواب دیں۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر الفاظ پڑھوایئے۔ ان الفاظ کے فلیش کارڈز پہلے سے بنے ہونے چاہییں اور تختۂ تحریر پر پیریڈ شروع ہونے سے پہلے ہی لگے ہوں۔ اب پہلے زبانی جملے بنوایئے پھر کتاب میں لکھوایئے۔ بچّے باآسانی کر لیں گے اگر آپ کام شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح سمجھا دیں

| یہ | وہ | ہے |
|---|---|---|

اور مختلف الفاظ کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں تاکہ وہ انھیں ملا ملاکر جملے بنائیں اور پڑھیں۔ بعد میں یہ جملے کاپی میں لکھوائیے۔ مددگار الفاظ تختۂ سیاہ پر بھی لکھے جاسکتے ہیں۔ جو بچّے اچّھا کام کریں ان کا نام تختۂ تحریر پر لکھیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز اور تصاویر/ چیزوں کی مدد سے جملے بنوا کر پڑھوائیے۔خوب اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## گھر کا کام

- یہ، وہ اور ہے کی مدد سے دو جملے بنا کر کاپی میں لکھیے۔

## صفحہ ٦٧ — پھلوں کے نام

### مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ٦٧
- موسمی پھل/ اصلی یا نقلی
- تختۂ تحریر

### آمادگی

یہ سبق بہت دل چسپ ثابت ہوسکتا ہے۔ جماعت میں کچھ موسمی پھل لاکر رکھیے۔ بچّوں سے پھلوں کے نام پوچھیے اگر انھیں نہ آتے ہوں تو آپ بتائیے۔ بچّوں سے پھلوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ آپ اپنا پسندیدہ پھل انھیں بتائیے اور ان کا پسندیدہ پھل پوچھیے۔ پھلوں کے فوائد کے بارے میں بات کیجیے۔ بہت سے بچّے پھل کھانا پسند نہیں کرتے، یہ اچّھا موقع ہے انھیں قائل کرنے کا۔ پھلوں کے فائدے انھیں بتائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلواکر پھلوں کی تصاویر دیکھنے کے لیے کہیے۔ ان کے نام پوچھیے۔ ہلکی سیاہی میں لکھے گئے ناموں پر پنسل پھروائیے۔ دیکھ کر لکھوائیے۔ کاپی میں بھی ان ناموں کو دیکھ کر لکھوائیے۔ کاپی میں بچّوں سے ان کے پسندیدہ پھل کی تصویر بنواکر رنگ بھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- پھلوں کے کے ناموں کے فلیش کارڈز اور تصاویر کو کتاب میں موجود پھلوں کی تصویروں اور ناموں سے ملوائیے (میچنگ)۔

## گھر کا کام

- گھر میں سب کو بتائیے کہ پھل کھانے سے کیا فائدہ ہوتا ہے۔

## صفحہ ۶۸

**صحیح (✓) غلط (✕)**

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۶۸

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کہ امّی ابّو یا ان کے بڑے یا ان کے استاد کسی کام کو کرنے سے منع کیوں کرتے ہیں؟ بچّے جو بھی جواب دیں ان کو سُنیے۔ بعد میں انھیں بتائیے ایسے کام جن کو کرنے سے بچّوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچے یا چوٹ لگے اور انھیں تکلیف ہو ایسے سب ہی کاموں کو کرنے کے لیے ان کے بڑے انھیں منع کرتے ہیں تاکہ بچّے محفوظ رہیں۔ اب بچّوں سے پوچھیے ایسے کون کون سے کام ہو سکتے ہیں؟ اب بچّے یقیناً درست جواب دیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۶۸ کھلوائیے۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے کا موقع دیجیے۔ اب زبانی پوچھیے کہ ان تصاویر میں کون سے کام ایسے ہیں جنھیں نہیں کرنا چاہیے اور کون سے کام ایسے ہیں جنھیں کرنا چاہیے۔ نہ کرنے والے کاموں پر ✕ یا نشان، کرنے والے کاموں پر ✓ کا نشان لگوائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کتاب میں دی گئی تصویروں کا رول پلے کروائیے۔ گروہی سرگرمی کروائیے۔ ہر گروہ کسی ایک تصویر کا رول پلے کرے۔ جب رول پلے ہو تو باقی بچّے صحیح یا غلط کی مناسبت سے ہاں ہاں یا نہیں نہیں پکاریں۔

## گھر کا کام

- کتاب صفحہ ۶۸ کی تصویریں گھر میں امّی یا ابّو کو دکھائیے۔

# سبزیوں کے نام

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ٦٩
- سبزیاں/ اصلی یا نقلی
- تختۂ تحریر

## آمادگی

یہ سبق بہت دل چسپ ثابت ہوسکتا ہے۔ جماعت میں کچھ سبزیاں لاکر رکھیے۔ بچّوں سے سبزیوں کے نام پوچھیے اگر انھیں نہ آتے ہوں تو آپ بتائیے۔ بچّوں سے سبزیوں کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ آپ اپنی پسندیدہ سبزی انھیں بتائیے اور ان کی پسندیدہ سبزی پوچھیے۔سبزیوں کے فوائد کے بارے میں بات کیجیے۔ بہت سے بچّے سبزیاں کھانا پسند نہیں کرتے، یہ اچّھا موقع ہے انھیں قائل کرنے کا کچھ سبزیوں کے فائدے انھیں بتائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر سبزیوں کی تصاویر دیکھنے کے لیے کہیے۔ ان کے نام پوچھیے۔ ہلکی سیاہی میں لکھے گئے ناموں پر پنسل پھروائیے۔ دیکھ کر لکھوائیے۔ کاپی میں بھی ان ناموں کو دیکھ کر لکھوائیے۔ کاپی میں بچّوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کی تصویر بنواکر رنگ بھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- سبزیوں کے کے ناموں کے فلیش کارڈز اور تصاویر کو کتاب میں موجود سبزیوں کی تصویروں اور ناموں سے ملوائیے (میچنگ)۔

## گھر کا کام

- گھر میں سب کو بتائیے کہ سبزیاں کھانے سے کیا فائدہ ہوتا ہے۔ گھر والوں سے ان کی پسندیدہ سبزی بھی پوچھیے۔

# صفحہ ۷۰

## گنتی (۶ ۔ ۱۰)

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۰
- گنتی کرنے کے لیے اشیا
- عددی اور لفظ گنتی کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### تعارف

بچوں نے ۱ سے لے کر ۵ تک گنتی سیکھ لی۔ لکھنے کی مشق بھی کرلی ہے۔ اب وہ اس صفحے پر ۱۰۔ ۶ تک سیکھیں گے۔

### آمادگی

بچّے ۱ سے ۵ تک گنتی پڑھ چکے ہیں۔ اس کا اعادہ کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ اپنے ہاتھ کی انگلیاں گنیں۔ پھر تختۂ تحریر پر تصاویر بنا کر گننے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروا کر اب ان کو بتایئے کہ ہم آگے بڑھیں گے اور ۶ سے ۱۰ تک گنتی پڑھیں گے۔ تختۂ تحریر پر عددی گنتی لکھ کر گنتی پڑھوایئے۔ اب گنتی کے ساتھ تصاویر بنوایئے اور ان کو گنوایئے۔ پہلے آپ پڑھیں پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر بچّوں سے پوچھیے یہاں کیا کام کرنا ہے۔ بچّے بتاسکیں گے کہ گنتی پڑھنی ہے۔ کتاب میں دی گئی تصویروں کی گنتی کروایئے۔ عددی اور لفظ گنتی پڑھوایئے۔ بار بار یہ مشق کروایئے تاکہ گنتی کرنا سیکھ سکیں اور عددی اور لفظ گنتی کی شناخت کرسکیں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ عددی اور لفظی گنتی کے فلیش کارڈ تیار کر کے دکھائیں۔ انگلیوں پر نمبر یاد کروا کر کاپی میں ہندسہ لکھنے کی مشق کروائیں۔ گنتی کے فلیش کارڈ الگ رکھیں۔ بچوں سے سرگرمی کروایئے۔ ایک بچے کو بلایئے اور کہیے ۵ نمبر کا کارڈ نکال کر ساری جماعت کو دکھایئے۔ اگر ٹھیک ہو تو شاباشی دیجیے ورنہ یاد کروایئے۔سب بچوں کو ۱ سے ۱۰ تک گنتی نمبر میں یاد کروایئے۔ کہیے کارڈ نکالو جس پر ۷ لکھا ہو۔ وہ کارڈ نکالو جس پر ۵ لکھا ہو۔ اس طرح نمبروں کی یاد پختہ ہو گی۔

### گھر کا کام

- سات پھولوں کی تصویریں بنایئے اور اس کی عددی اور لفظی گنتی لکھیے۔

صفحہ ۷۱

# سارا کا گھرانا

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- اپنے روز مرّہ کاموں، چیزوں اور واقعات کو مکمل اور واضح جملوں میں بیان کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۱
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّے تعارف کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ اعادہ کروائیے۔ مثالی طور پر اپنا تعارف کروائیے۔ جماعت کے بچّوں کو ایک دوسرے سے تعارف کروائیے۔ اس طرح بچّے اچّھی طرح مشق کرلیں گے۔ سوال کیجیے، آپ کی کتنی بہنیں اور بھائی ہیں؟ امّی ابّو سب کا خیال رکھتے ہیں۔ میرے نانا نامی اور دادا / دادی بھی ہیں۔ رشتے پڑھنے اور لکھنے سکھائیے۔

## سبق کی تدریس

اب کتاب کھلوائیے۔ سبق کے بارے میں بچّوں کو بتائیے۔ اب آپ پہلے بلند خوانی کریں پھر اجتماعی بلند خوانی کے بعد جملوں کو دہرائیں۔ اس طرح بچے رشتوں کے نام بھی سیکھ لیں گے۔ کتاب میں دی گئے صفحے پر جو رشتوں کے جملے ہیں انھیں کئی دفعہ کہلوائیں۔ ایک گھر میں ماں، باپ، بہن، بھائی، امی، ابو، نانی، نانا، دادا، دادی، خالہ، خالو، چچا، چچی۔ یہی عام رشتے ہوتے ہیں۔ ان کو پڑھوانے کے بعد دہرائیے۔ مذکر اور مؤنث کا فرق واضح کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- رول پلے کروائیے۔ بچّوں کو سارا، نادر، امّی، ابّو، نانا، نانی اور دادا، دادی بنائیے۔ سارا اپنا اور سب گھر والوں کا تعارف کروائے۔ یہ کام گروہی طور پر کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر میں جاکر امّی ابّو کا تعارف کروائیے۔ اپنا تعارف بھی کروائیے۔

## صفحہ ۷۲

# رنگ رنگ

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ ( کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- حروف، اشیا اور الفاظ کی تصاویر بنا کر ان کی مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۲
- رنگوں کے فلیش کارڈ
- فلیش کارڈ کے رنگوں کی اشیا
- تختۂ تحریر

### آمادگی

جماعت میں موجود مختلف چیزوں کے رنگ بچّوں سے پوچھیے اس سے پتہ چلے گا کہ بچّوں کو رنگوں کے نام پتہ ہیں یا نہیں۔جماعت میں موجود چیزوں کے رنگ پوچھیے۔ درست رنگ تختۂ تحریر پر لکھیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب میں رنگ پڑھوایئے اورنقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروایئے اور جو رنگ لکھا ہے اس میں بنی ہوئی تصویر میں وہی رنگ بھروایئے۔ رنگ لکھنا بھی آئے اور پہچان بھی۔ اسی طرح نیلا اور پیلا بھی سکھایئے۔

کاپی میں چند تصویریں بنوا کر اس میں لال، ہرا اور نیلا، پیلا رنگ شناخت کی غرض سے لکھوایئے اور کاپی میں ہر رنگ کی مختلف چیزیں بنوائیں۔ لال دوپٹہ، لال کتاب، لال کرسی، لال انار، لال جوتا، لال ٹوپی، اسی طرح بقایا رنگوں کی پہچان بھی کروایئے اور لکھنا سکھایئے۔مثلاً : ہرا پتّا، ہرا بستہ، ہری مرچ وغیرہ۔

### سرگرمیاں(تجاویز)

- بچّوں کو کاغذ پر خاکے بنا کر دیجیے اور ان میں رنگ بھروایئے۔

### گھر کا کام

- لال، نیلا، پیلا اور ہرے رنگ کی کسی چیز کی تصویر بنایئے اور رنگ بھریے۔

# کیا ہوا؟

## صفحہ ۳۷

## مقاصد

- تعلیمی سرگرمیوں (رول پلے، جوڑی اور گروہی سرگرمیاں) کے دوران دوسروں کو توجّہ سے سن کر اپنے خیالات و احساسات کا مناسب اظہار کرسکیں۔
- مختصر اور سادہ جملوں میں اپنے خیالات کا درست اور واضح اظہار کرسکیں اور تصویروں، کہانیوں، چیزوں اور واقعات پر اپنے ہم عمر ساتھیوں اور اساتذہ سے بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اور موزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۳۷
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کہ جب کوئی ان کو ڈانٹتا ہے تو وہ کیا کرتے ہیں؟ جب خوش ہوتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟ جب کوئی تنگ کرتا ہے تو کیا کرتے ہیں؟ جو وہ کہیں وہ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ بچّوں کو بتایئے کہ ہم ہر وقت مختلف کیفیات میں ہوتے ہیں کبھی خوشی، کبھی غم۔ کبھی غصے میں کبھی روتے ہیں اور کبھی حیران ہوتے ہیں۔

## سبق کی تدریس

ان کیفیات کو انسانی شکل میں کیسے بتائیں تصاویر کی مدد سے سکھایئے اور الفاظ کی مدد سے پڑھوایئے۔ کاپی میں یہ شکلیں بنوا کر ان الفاظ کو ۳۔۳ دفعہ لکھوایئے یہ چار کیفیات ہیں۔ چار تصویریں اور چار لفظ لکھنے سکھایئے۔ بچوں سے کہیے وہ اپنی شکل سے خوشی، غصے، رونے اور حیرت کا اظہار کرکے دکھائیں۔ کاپی میں تصاویر بنوا کر یہ الفاظ لکھنا سکھایئے۔ صفحے پر دیے گئے الفاظ کو کاپی میں نقل کر کے لکھنا سکھایئے املا کروا کر دیکھیے کیا لکھنا آیا؟ سبق کے آخر میں دی گئی ہدایات پر کام کروایئے۔ املا لکھوایئے۔خوشی، غصہ، رونا، حیرت۔سبق میں دی گئی تصاویر اور الفاظ شیٹ پر بنا کر جماعت میں آویزاں کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- خوشی، غصّہ، حیرت اور رونے کی کیفیات کے بارے میں رول پلے کروایئے۔

## گھر کا کام

- اپنی امّی سے پوچھ کر آیئے جب وہ خوش ہوتی ہیں تو کیا کرتی ہیں؟

صفحہ ۴۷

# جُملے پڑھیے

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کر سکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کر سکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ عبارتیں مناسب رفتار اور موزوں تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔ نیز کہانی کے کرداروں اور واقعات پر مبنی سوالوں کے جواب دے سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۴۷
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

مختلف الفاظ کے فلیش کارڈز جماعت اور متعلقہ تصاویر میں موجود اشیا کے بارے میں مختلف جملے بنا کر جماعت میں سنائیے۔ جیسے پنسل لاؤ، کاپی دو، بستہ لو وغیرہ۔ اچّھی طرح زبانی مشق کروائیے۔ کو ایک ساتھ رکھ کر جملے بنوانے کی سرگرمی کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پہلے تصاویر کے مطابق پوچھیے یہ کیا ہے کون کون سی تصاویر ہیں؟ سب بچّوں کو بتانے کا موقع دیجیے۔ پھر اس کے بعد تصاویر کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔ آٹا دو، حلوا لو، یہ انار ہیں، میں آم کھاتی ہوں۔

ساری جماعت بلند خوانی کرے پھر ان کی انفرادی بلند خوانی کریں۔ پڑھنے میں دشواری ہونے پر بچّوں کی مدد کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہ میں کام کرتے ہوئے بچّوں کو مختلف تصویریں دیجیے اور مختصر زبانی جملے بنوائیے جیسے ، یہ کتاب ہے/ کتاب دو/ کتاب لو وغیرہ۔

## گھر کا کام

- کسی بھی چیز کے بارے میں دو جملے بنا کر لائیے۔

# صفحہ ۷۵

## جُملے لکھیے

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حروف کی اشکال درست انداز میں نقل کر کے لکھ سکیں۔ نیز اپنا نام لکھ سکیں۔
- حروف کی ملی ہوئی اشکال لکھنے کی مشق کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "کے جی" صفحہ نمبر ۷۵
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- تصاویر


### آمادگی

جملوں کا کام بچّے پہلے کرچکے ہیں۔ اسی طرز پر کچھ الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر زبانی جملے بنوایئے۔ فلیش کارڈز اور تصاویر کی مدد سے بھی جُملے بنوایئے۔ ایک ہی تصویر کے بارے میں جتنے ممکنہ جُملے ہوں بنوایئے۔مثال کے طور پر  کی تصویر دکھا کر جملے بنوایئے۔ جیسے : یہ انار ہے، وہ انار ہے، انار لاؤ، انار دو، انار لو۔ اسی طرح مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر پہلے بچّوں سے پوچھیے یہاں کون سی تصاویر ہیں۔ نام پوچھیے بچّے زبانی طور پر جُملے بنا چکے ہیں۔ اب ان سے جُملے پڑھوانے ہیں۔ پہلے آپ پڑھ کر سنایئے پھر بچّوں سے پڑھوایئے، اجتماعی طور پر اور انفرادی طور پر بھی۔ دشواری پر مدد کیجیے۔ ہلکے رنگ میں لکھے جُملوں پر پنسل پھروایئے۔ کاپی میں بھی مشق کروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہ میں کام کرتے ہوئے بچّوں کو مختلف تصویریں دیجیے اور مختصر زبانی جملے بنوایئے جیسے  ، یہ غبارہ ہے/ غبارہ دو/ غبارہ لو وغیرہ۔

### گھر کا کام

- کتاب میں دیے گئے جملے پڑھ کر آیئے۔

# کون سی چیز کہاں ہے؟

# صفحہ ۷۶

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- دوسروں سے بات چیت میں چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات، آواز و آہنگ اور دیگر اشارات کا استعمال کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۶
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے جماعت میں پنکھا کہاں ہے؟ کھڑکی کہاں ہے؟ بلب کہاں ہے؟ الماری کہاں ہے؟ کتاب کہاں ہے؟ میز کہاں ہے؟ سب سے جوابات لیجیے۔ [اوپر] [نیچے] [آگے] [پیچھے] کے فلیش کارڈز دکھا کر پہلے لفظ پڑھ کر سنایئے اس جماعت میں نیچے کیا چیز ہے؟ کس چیز کے نیچے ہے؟ اسی طرح اوپر آگے اور پیچھے کے بارے میں سمجھایئے اورسوالات پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۷۶ کھلوا کر بچّوں کو تصویر دیکھنے کا موقع دیجیے پھر ان سے پوچھیے تصویر میں

- تصویریں کہاں ہیں؟
- جوتے کہاں ہیں؟
- بلی کہاں ہے؟
- میز کہاں ہے؟
- گیند کہاں ہے؟
- چڑیا کہاں ہے؟

زبانی طور پر سوالات کے جوابات لیجیے۔ لکھے ہوئے الفاظ فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھوایئے۔''اوپر، نیچے، آگے، پیچھے''، ان الفاظ کو فلیش کارڈز پر لکھیے۔ ان الفاظ کو پڑھوایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- الفاظ کے معانی کا تصور دینے کے لیے پہلے بچّوں کو تصویر دیکھنے دیں پھر ان سے مختلف اشیا کا مقام پوچھنے کے لیے سوالات کیجیے۔مثلاً: چُوزا کہاں ہے؟ پھل کہاں رکھے ہیں؟ جُوتے کہاں رکھے ہیں؟ وغیرہ۔ بچّے فلیش کارڈز کی مدد سے جواب دیں۔

[اوپر] [نیچے] [آگے] [پیچھے]

## گھر کا کام

- گھر میں دیکھیے کون کون سی چیزیں کس چیز کے اوپر رکھی ہیں۔ دوسرے دن جماعت میں آکر بتایئے (کوئی سی دوچیزیں)

صفحہ ۷۷۔۸۱

# بھاری آوازیں

## مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازیں بہ غور سن کر ان میں فرق بیان کرسکیں۔
- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۵۰ الفاظ)
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُرْدُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۷۷۔ ۸۱
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

''ھ'' کو حروفِ تہجّی سے ملا کر بھاری آواز بنتی ہے۔

بھاری آوازیں سکھانے کے لیے بچّوں سے کہیے کہ وہ اپنی ہتھیلی مُنھ کے سامنے رکھیں۔ پہلے 'ب' کی آواز نکالنے کے لیے کہیے۔ پھر 'بھ' کی آواز نکالنے کے لیے کہیے۔ دونوں کا فرق پُوچھیے۔ اگر وہ نہ سمجھیں تو اُنھیں سمجھائیے کہ 'بھ' کی آواز نکالتے وقت اُن کی سانس ہتھیلی پر لگے گی۔ اس سرگرمی کو بار بار کروائیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ یہ سرگرمی کرے۔ تمام بھاری آواز والے حروف کے فلیش کارڈز بنائیے اور ان کی مدد سے پڑھائی کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب میں دیے گئے الفاظ پڑھوائیے۔ پہلے خود پڑھیے پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ ان تمام صفحوں پر مختلف بھاری آواز کے الفاظ دیے ہوئے ہیں سب کے سکھانے کا وہی طریقہ اپنائیے جو پہلے صفحات پر دیا گیا۔ ہر لفظ کی ہلکی آواز اور بھاری آواز کا فرق بتاتے جائیے اور ہر بھاری آواز کی بہت مرتبہ مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کسی بھی حرفِ تہجّی کی آواز پوچھیے، پھر اسی حرف کی بھاری آواز پوچھیے۔

## گھر کا کام

- کسی بھی دو بھاری آواز والے حروف کے دو لفظ لکھ کر لائیے۔

# صفحہ ۸۲ دل دل پاکستان (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال، خوش آہنگی اور درستی تلفظ کے ساتھ سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لطف اندوزی سے سن کر تاثرات کے ساتھ دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی عبارتوں (نظم و نثر) سے متعلق تفہیمی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۸۲
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- کاغذ جھنڈا بنانے کے لیے

## آمادگی

بچّوں کو کوئی بھی ملّی نغمہ سنائیے۔بچّوں سے پوچھیے انھیں کوئی پاکستان کا گانا آتا ہے؟ بچّے بتائیں تو ان سے سنیے۔ ملّی نغمہ کیا ہوتا ہے آسان الفاظ میں سمجھائیں۔

## سبق کی تدریس

بچّوں کو بتائیے کہ قومی نغمے کا کیا کام ہوتا ہے۔ یہ کس طرح جوش، جذبہ اور وطن کی محبت میں اضافہ کرتا ہے۔ کتاب کھلوا کر تصویر دیکھنے کے لیے کہیے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں کیا لگتا ہے نظم کس چیز کے بارے میں ہے؟ امّید ہے بچّے درست جواب دیں گے۔
آپ بھی کچھ جملے تصویر کے بارے میں بتائیے۔ یہ پاکستان کے قومی دن کی تصویر لگتی ہے جب ہر طرف یہ قومی گانے بجتے ہیں۔ ایسے گانے بچوں کے دل میں قوم کی محبت پیدا کرتے ہیں۔ بھرپور جوش اور جذبے کے ساتھ نظم کی بلند خوانی کیجیے۔ پھر بچّوں کے ساتھ پڑھیے۔ انفرادی بلندی خوانی بھی کروایئے۔ بچّوں کو تاکید کیجیے کہ خوب جوش اور محبت سے نظم پڑھیں۔ اس کے لیے پہلے آپ کو اس کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ اچّھی طرح پڑھوایئے۔ملّی نغمے کے شاعر کا نام بتایئے، نثار ناسک۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”دل دل پاکستان“ پڑھوایئے۔
- کاغذ پر بچّوں سے پاکستان کا جھنڈا بنوایئے رنگ بھروایئے اور جماعت میں لگایئے یا ان کی کاپی میں چپکوایئے۔

## گھر کا کام

- نظم دل دل پاکستان پڑھ کر آیئے۔

# مختلف

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- دوسروں سے بات چیت میں چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات، آواز و آہنگ اور دیگر اشارات کا استعمال کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۸۳
- مختلف تصاویر
- تختۂ تحریر
- مختلف اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر تصاویر بنا کر یا کارڈ شیٹ پر تصاویر بنا کر اس موضوع کو اچّھی طرح سمجھایا جاسکتا ہے۔ جماعت میں سے ایک جیسی چیزوں کے ساتھ کوئی ایک مختلف چیز رکھ کر بھی اس کی وضاحت کی جاسکتی ہے۔مثال کے طور پر ایک جیسی کاپیاں ایک ساتھ رکھیں اور ان کے بیچ ایک پنسل رکھ دیں اور پھر بچّوں کو ایک جیسی اشیاء ایک طرح اور مختلف چیز کو الگ رکھنے کو کہیں۔ بچّے باآسانی یہ کام کرلیں گے۔ اب اگر اس طرح کی سرگرمی ان سے کرنے کو بھی کہیں تو وہ باآسانی اورخوشی خوشی کرلیں گے۔ اس طرح مزید مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر ہرسطر میں موجود مختلف چیز پر دائرہ بنوائیں۔ پہلے یہ کام زبانی طور پر کروائیں پھر کتاب میں کرنے کے لیے کہیے۔بچوں کی جانچ اور سمجھ جانچنے کی ایک اچھی مشق ہے۔تصویروں کی ہر لائن میں دیکھیے کون سی تصویر فرق ہے۔ اس پر نشان لگوائیے۔ اس طرح ہر لائن کو مکمل کروائیے اور زبانی بھی پوچھیے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- مختلف تصاویر/ اشیا کی مدد سے مختلف سمجھنے کی سرگرمی کروائیے۔ یہ ایک دل چسپ سرگرمی ہے۔ اس لیے اشیا/تصاویر بدل بدل کر کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر میں کوئی دو چیزیں ایسی تلاش کیجیے جو ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔

صفحہ ۸۴

## واحد / جمع

### مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- دوسروں سے بات چیت میں چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات، آواز و آہنگ اور دیگر اشارات کا استعمال کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”کے جی“ صفحہ نمبر ۸۴
- واحد اور جمع کے لیے مختلف اشیا، چھوٹے پتھر، پنسلیں، شاپنر، پھول وغیرہ

### آمادگی

جماعت میں موجود ایک جیسی چیزوں کی مدد سے واحد اور جمع سکھائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ ایک چیز کو واحد اور ایک سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔ مختلف اشیا کی مدد سے مشق کروائیے۔ جیسے موزا موزے، انڈا انڈے، تالا تالے وغیرہ۔ تصاویر کی مدد سے سمجھائیے۔

### سبق کی تدریس

”ا“ اور ”ے“ کے الفاظ کی مدد سے واحد جمع کا تصور واضح کرنے کے لیے کتاب کا صفحہ کھلوائیے تصاویر کی مدد سے الفاظ پڑھوائیے کتاب میں دی گئی مثالوں کے علاوہ بھی مثالیں تختۂ تحریر پر لکھیے اور تصاویر بنا کر یا لگا کر واضح کریں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- مختلف اشیا کی مدد سے واحد جمع کی مشق بار بار کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر میں کچھ چیزیں تلاش کیجیے اور ان کی مدد سے واحد جمع بنائیے۔

# صفحہ ۸۴ | رموز و اوقاف

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کر عمل کرسکیں۔
- دوسروں سے بات چیت میں چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات، آواز و آہنگ اور دیگر اشارات کا استعمال کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۸۴
- تختۂ تحریر
- تصاویر/فلیش کارڈز

## آمادگی

ختمہ اورسوالیہ نشان کے کٹ آؤٹس بنا کر تختۂ تحریر پر لگائیے یا پھر بڑا بڑا بنائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہیں؟ اگر بچّے نہ بتا سکیں تو آپ سمجھائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ جب کوئی جملہ یا بات پوری ہوجاتی ہے۔ تو اس کے بعد یہ چھوٹا سا نشان لگاتے ہیں | ۔ | اس کو ''ختمہ'' کہتے ہیں۔ جب کوئی سوال پوچھتے ہیں تو اس کے بعد | ؟ | یہ نشان لگاتے ہیں اس کو ''سوالیہ نشان'' کہتے ہیں۔ زبانی مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر مختصر جملے پڑھوائیے ان سے پوچھیے کہ ان میں سے سوال کیا ہے اور ان کا جواب کیا ہے؟ پہچان کو پختہ کرنے کے لیے اور اچّھی طرح ذہن نشین کروانے کے لیے بہت سے سوالات اور جوابات | ؟ | اور | ۔ | کے ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ختمہ اورسوالیہ نشان کے کٹ آؤٹس بنائیے۔ تختۂ تحریر پر جملے لکھیے اور پھر بچّوں سے پوچھ کر درست علامت لگائیے۔

## گھر کا کام

- کتاب کا صفحہ ۸۴ پڑھ کر آئیے۔

# اعراب

## مقاصد

- دو سے تین جملوں یا خیالات پر مشتمل ہدایات توجّہ سے سن کرعمل کرسکیں۔
- دوسروں سے بات چیت میں چہرے کے تاثرات، ہاتھوں کی حرکات، آواز و آہنگ اور دیگر اشارات کا استعمال کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں پر کوئی بات یا نکتہ بیان کرسکیں۔مثلاً تصویر میں لوگ کون کون سے کام کر رہے ہیں؟ وغیرہ۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''کے جی'' صفحہ نمبر ۸۵
- تختۂ تحریر
- زبر، زیر اور پیش کے کٹ آؤٹس

## آمادگی

زبر، زیر اور پیش کے کٹ آؤٹس تختۂ تحریر پر لگائیے اور بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہیں؟ اگر بچّے نہ بتا پائیں تو آپ بتائیے۔ اور ان کی آوازیں سکھائیے، جیسے کہ کتاب میں بتائی گئی ہیں۔ زبانی مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر زبر زیر اور پیش کے الفاظ پڑھوائیے۔ یہ دھیان رہے کہ بچّے درست آواز نکالیں۔ کتاب میں دیے گئے الفاظ کے علاوہ بھی اعراب کے ساتھ الفاظ لکھیں یا فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھائی کروائیے۔ تاکہ بچّوں کو ان اعراب کی آوازیں ذہن نشین ہو جائیں۔جتنی زیادہ مشق ہوگی اتنی اچّھی طرح بچّے ان سب کو یاد رکھیں گے۔

## سرگرمیاں(تجاویز)

- تختۂ تحریر پر کچھ الفاظ لکھیے اور اعراب کے کٹ آؤٹس لگا کر انھیں مکمل کریں۔مثلاً : دس، بن، کب، اب، ان پر کو پڑھوا کر درست اعراب لگوائیے۔

## گھر کا کام

- کتاب کا صفحہ ۸۵ پڑھیے۔ زبر اور پیش کے ساتھ دو دو الفاظ لکھ کر لائیے۔

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس